تکمیل الحسنات
تلخیص
افضل الصلوات
علی
سید السادات
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تالیف
حضرت علامہ قاضی یوسف بن اسمٰعیل النبہانی

افضل الصلوات علی سید السادات

عظیم عاشقِ رسول ﷺ حضرت علامہ قاضی یوسف اسماعیل النبھانی رضی اللہ عنہ نے درُود وسلام کے موضوع پر کئی کتب تحریر فرمائیں جن میں کتاب ''**افضل الصلوات علی سید السادات**'' آپ کی اولین تصنیف ہے جو آپ کی حیاتِ مبارکہ میں 1309ھ بیروت پریس ''لبنان'' سے شائع ہوئی۔ یہ بابرکت کتاب جب بلادِ اسلامیہ میں پھیل گئی تو سرکارِ مدینہ ﷺ کے فیوضات وبرکات سے اِس کتاب کو شرفِ قبولیت حاصل ہوا۔

بحمداللہ! یہ مقبول وبابرکت کتاب پاکستان میں بھی کئی بار شائع ہوئی۔ پھر جناب محمد ذیشان انجم قادری صاحب نے اِس کتابِ مبارکہ اور حضرت علامہ یوسف اسماعیل النبھانی کی ایک اور مشہورِ زمانہ کتاب ''**سعادة الدارین**'' کو یکجا کر کے اعلیٰ قسم کے آرٹ پیپر پر چہار رنگوں میں بنام ''**گلدستۂ درُود و سلام**'' شائع کرنے کی عظیم سعادت حاصل کی اور جامع مسجد آرام باغ، کراچی میں مجلسِ دلائل الخیرات شریف کے زیرِ انتظام حضرت سیدنا محمد بن سلیمان الجزولی رضی اللہ عنہ کے سالانہ عظیم الشان عرسِ مبارک کے موقع پر مؤرخہ 20 فروری 2010ء کو اِس عظیم وبابرکت کتاب کی رونمائی ہوئی۔

یہ بابرکت کتاب اندرون وبیرون ملک (بالخصوص حجازِ مقدس، ترکی، شام، مصر، ایران، الجزائر، مراکش، فن لینڈ، اسپین، برطانیہ، تیونس، ازبکستان، لیبیا......) تقسیم ہو کر عشاقانِ درُود وسلام کے ہاتھوں میں پہنچی جس پر بے شمار تہنیتی ودُعاؤں بھرے خطوط وپیغامات موصول ہوئے، جن میں مراکش کے بادشاہ، ایران کی اہم ومقتدر شخصیات، الجزائر کے وزیر اوقاف ومذہبی امور، پاکستان کی عظیم شخصیات اور سرکاری وغیر سرکاری لائبریریوں کے سربراہان کے پیغامات سرِفہرست ہیں، جن میں سے چند ایک آئندہ صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

مارچ 2010ء میں ''**افضل الصلوات**'' ایک نئے انداز میں 3000 کی تعداد میں بنام ''**تکمیل الحسنات تلخیص افضل الصلوات علی سید السادات**'' اعلیٰ قسم کے آرٹ پیپر پر چہار رنگہ طباعت اور رنگین تصاویر کے ہمراہ شائع کروانے کی سعادت حیدرآباد کے ہمارے ایک محبّ کو حاصل ہوئی۔

1309ھ بیروت پریس (لبنان) سے شائع ہونے والی کتاب، پاکستان سے شائع ہونے والی کتاب **گلدستۂ درُود و سلام** اور **تکمیل الحسنات** کے سرورق کے عکس ذیل میں ملاحظہ فرمائیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قَالَ اللّٰہُ سُبۡحَانَہٗ وَتَعَالٰی

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلآئِکَتَہٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النُّوۡرِ الذَّاتِیْ وَالسِّرِّ السَّارِیْ فِیْ سَائِرِ الْاَسۡمَاءِ وَالصِّفَاتِ

مختصر معلوماتِ کتاب

نام کتاب .... تکمیل الحسنات

(تلخیص) افضل الصلوات علی سید السادات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مؤلف .... حضرت علامہ قاضی یوسف اسماعیل النبہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

تلخیص و ترجمہ .... حضرت علامہ الحاج مفتی محمد کریم بخش

باجازت و دعائے خصوصی.. شہزادہ غوث الثقلین السید محمد انور گیلانی قادری رزاقی مدظلہ العالی

ترتیب نو و تقدیم .... سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک ادنیٰ ترین اُمتی

کمپوزنگ و گرافکس .... ولید اخلاق (واہ کینٹ) / عاطف اقبال (راولپنڈی)

051-5125200 / 0322-5288061

پرنٹنگ .... پرنٹ لائن پرنٹرز (برنس روڈ، کراچی) 0343-2655546

تاریخ و تعداد اشاعت ..... (باراول) جولائی 1992، (2000)

(باردوم) مارچ 2010، (1500)

ہدیۂ کتاب — دُرود و سلام پر مداومت اور دعائے مغفرت بحق اُمتِ محمدیہ

یا ارحم الراحمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کتاب ہٰذا کا اجر و ثواب ان تمام مذکورین کو عطا فرما

- سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے لے کر **فاذا نقر فی الناقور** تک تمام اُمت مرحومہ
- تمام مومنین و مومنات، مسلمین و مسلمات جو ازل سے ابد تک تیرے علم میں ہیں
- کتاب ہٰذا کی نشر و اشاعت کرنے والوں اور جملہ معاونین کے آباؤ اجداد، اولین تا آخرین مرد و زن، تمام اساتذہ و مشائخ دوست و احباب اور اعزا و اقارب

اہمیتِ دُرود و سلام

نا قبولِ بارگاہِ حق کبھی ہوتا نہیں
غور کے قابل ہے یہ تخصیص و تفرید **دُرود**
خود خدا بھی اور کرتے ہیں فرشتے بھی یہ کام
اہلِ ایماں کو بھی ہے تلقین و تاکیدِ **دُرود**
بڑھ رہی ہے دِن بدن توقیر و تقدیسِ **سلام**
اوج پر ہر روز ہے تحلیل و تمجیدِ **دُرود**
اس کی برکت سے عطا ہوتی ہے ہر غم سے نجات
مشکلیں آساں ہوتی ہیں بہ تائیدِ **دُرود**
دائی لطفِ خدا و مصطفیٰ ﷺ پائے گا وہ
بھا گیا جس دیدہ ور کو حُسنِ جاویدِ **دُرود**

**سَیِّدِیْ یَا اَبَا الْبَتُوْلِ ﷺ سُؤَالُ
مِنْ فَقِیْرٍ جَوَابُہٗ الْاِعْطَاءُ**

اے میرے آقا و سردار، سیدۃ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بابا جان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ایک فقیر کا سوال ہے جس کا جواب عطا ہے۔

(حضرت علامہ یوسف اسماعیل النبہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

سیدالاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں روزانہ چالیس ہزار مرتبہ دُرُود شریف پیش کرنے والی عظیم شخصیت

ولیِ کامل **حضرت شیخ احمد الزواوی المصری** رضی اللہ عنہ

قطبِ ربانی حضرت سیدی امام عبدالوہاب الشعرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ احمد الزواوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں روزانہ 40000 چالیس ہزار مرتبہ دُرُود وسلام کا نذرانہ پیش کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ ہم کثرت سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دُرُود شریف کا ہدیہ ارسال کرتے ہیں یہاں تک کہ حالتِ بیداری میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے ساتھ تشریف فرما ہوتے ہیں اور ہم آپ کے ساتھ صحابہ کرام کی مانند مجلس کرتے ہیں۔

حضرت شیخ احمد الزواوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مزار مبارک ملک مصر کے شہر "دمنھور" میں ہے۔ الحمدللہ اس مقام پر بھی حاضری کا شرف حاصل ہو چکا ہے۔

حضرت شیخ احمد الزواوی رضی اللہ عنہ کے مزار مبارک کا بیرونی منظر

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَا سَیِّدِیْ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

دلائل الخیرات شریف

دلائل الخیرات وہ عظیم کتاب ہے جو دنیا کے کونے کونے میں پڑھی جاتی ہے۔ بارگاہِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اس بابرکت کتاب کی قبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بعض خوش بختوں کو اس کتاب کی خود اجازت فرمائی۔

حضرت سیدی الصدیق الفلالی، اُمی ولی اللہ ہو گزرے ہیں۔ آپ کو مکمل دلائل الخیرات حفظ تھی اور فرمایا کرتے تھے کہ **"ان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علمہ ایاہ مناما"** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُنہیں خواب میں خود دلائل الخیرات شریف پڑھائی تھی۔

"کشف الظنون" میں دلائل الخیرات کے بارے میں تحریر ہے کہ دُرود پاک کے متعلق یہ ایک ایسی کتاب ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔

دلائل الخیرات شریف کے مصنف حضرت سیدی محمد بن سلیمان الجزولی الشاذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ دیگر وظائف کے علاوہ کثرت سے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں دُرود وسلام کا نذرانہ پیش فرماتے جس کی وجہ سے آج تک آپ کی قبرِ مبارک سے کستوری کی خوشبو آتی ہے۔

زیارتِ نبوی ﷺ

"الكنوز المحمدية لرؤية خير البرية"

زیارت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے چند وظائف پر مشتمل ایک بابرکت کتاب ہے، جس میں آیاتِ قرآنیہ، مدحیہ اشعار، دعائیں اور دُرودِ پاک کے مجموعوں کا ایک گلدستہ پیش کیا گیا ہے۔ ان میں چند دُرودِ پاک ایسے بھی ہیں جو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محبوبوں کو القائی طور پر عطا ہوئے ہیں۔

درج ذیل دُرودِ پاک اللہ تبارک وتعالیٰ نے 1416ھ مسجد نبوی شریف میں کتاب "الكُنُوزُ المحمّدية لرُؤية خير البريّة" کے مرتب ایک حسنی مدنی بزرگ حضرت السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی مدظلہ العالی کو زیارتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے عطا فرمایا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْعِبَادِ وَبِجَاهِهٖ بَلِّغْنَا الْمُرَادَ

فہرست

پیغام

نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم الامین
وعلی آلہ و عترتہ و اصحابہ اجمعین

وبعد! میرے لئے یہ باعثِ سعادت وخیر وبرکت ہے کہ درود وسلام کے موضوع پر عاشقِ رسول حضرت علامہ یوسف اسماعیل النبہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مشہور زمانہ کتاب افضل الصلوات علی سید السادات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تلخیص وترجمہ بنام **"تکمیل الحسنات"** پر اپنا پیغام ارسال کروں۔

حضرات گرامی! سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں شہد کی مکھی حاضر تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے پوچھا کہ تم تو مختلف پھولوں کا رس چوستی ہو جن کا ذائقہ پھیکا بلکہ قدرے تلخ بھی ہوتا ہے لیکن شہد تو میٹھا ہوتا ہے، اس میں شیرینی کہاں سے آجاتی ہے؟ جس پر مکھی نے جواب دیا۔

گفت چو خوانیم بر احمد ﷺ درود
می شود شیریں و تلخی را ربود

کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب ہم رس چوس کر اپنے چھتوں کی طرف روانہ ہوتی ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پیش کرتی ہیں۔ جس کی وجہ سے اس رس کی تلخی اور ترشی دور ہو جاتی ہے اور وہ میٹھا ہو جاتا ہے۔

آج کے اس پرفتن دور میں پہلے سے زیادہ اس بات کی ضرورت اور اہمیت ہے کہ ہم سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر زیادہ سے زیادہ درود وسلام کا نذرانہ پیش کریں کیونکہ یہی وہ عبادت ہے جو ہر صورت قبول ومنظور ہے۔ **تکمیل الحسنات** کی نشر واشاعت پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اس کے شائع کرنے والوں اور جملہ معاونین کے حق میں دعا گو ہوں۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سید محمد انور گیلانی قادری رزاقی
سجادہ نشین آستانہ عالیہ گیلانیہ قادریہ
سدرہ شریف، ڈیرہ اسماعیل خان

مؤرخہ یکم ربیع الاول شریف ۱۴۳۱ھ
16 فروری، 2010ء

خزینۂ درود و سلام

سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک بار درود پڑھتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتے ہیں، دس گناہ معاف فرماتے ہیں اور دس درجے بلند کیے جاتے ہیں۔

درود پاک سے مراد صیغہ ہائے درود اور صیغہ ہائے سلام ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن پاک میں ایمان والوں کو اپنے حبیب اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں درود پیش کرنے کے ساتھ سلام کو زیادہ تاکید اور خوب انداز میں پیش کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ اس لیے ایسا درود پاک پیش کرنا چاہیئے جس میں صیغہ ہائے درود کے ساتھ صیغہ ہائے سلام بھی شامل ہو۔

ہدیہ درود وسلام پیش کرنا تمام عبادات میں اس لحاظ سے افضل و برتر ہے کہ عبادات کا حکم اللہ تبارک وتعالیٰ نے دیا ہے لیکن ان عبادات میں خود شریک نہیں، صرف اور صرف درود پاک ہی ایک ایسا وظیفہ ہے کہ جس میں اللہ تبارک وتعالیٰ اور اس کے فرشتے اس عمل میں شریک ہیں۔ اس لیے سب سے افضل وظیفہ بلکہ سید الوظائف "درود وسلام" ہی ہے اور یہ وہ وظیفہ ہے جو بہر صورت قبول ومنظور ہے۔ اس عظیم وظیفہ کی اہمیت اور فضیلت پر قرآن پاک کی یہ آیہ مبارکہ "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ط یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا" ہی کافی ہے۔

"سنن دار قطنی" میں ایک حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کہ "لَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَمْ یُصَلِّ فِیْھَا عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ" سید کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "اگر کوئی شخص فرض نماز میں آقائے دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پاک نہ پڑھے تو اُس کی نماز ہی نہ ہوگی" ایک اور حدیث مبارکہ

جس کو "دار قطنی" اور "بیہقی" نے حضرت ابی مسعود الانصاری البدری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان عالی شان ہے "مَنْ صَلّٰی صَلَاۃً لَمْ یُصَلِّ فِیْھَا عَلَیَّ وَلَا عَلٰی اَھْلِ بَیْتِیْ لَمْ یُقْبَلْ مِنْہُ" کہ جس نے نماز میں مجھ پر اور میری اہل بیت پر درود پاک نہ پڑھا تو اسکی نماز بھی قبول نہ ہوگی۔

حضرت ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کی، یارسول اللہ میں آپ پر درود پڑھنے کے لیے کتنا وقت مقرر کروں فرمایا تم جو چاہو، عرض کی، چوتھائی وقت، سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر تم چاہو تو اور زیادہ کرلو تو تمھارے لئے بھلائی ہے۔ میں نے عرض کی، نصف وقت، آقائے کریم نے فرمایا اگر تم چاہو تو اور زیادہ کرلو تمھارے لئے بہتری ہے، میں نے عرض کی دو تہائی، جس پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر تم چاہو تو اور زیادہ کرلو تمھارے لئے بہتری ہے۔ میں نے ایک بار پھر عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سارا وقت ہی درود پڑھنے کے لئے مقرر کرلوں جس پر آپ نے فرمایا کہ ایسا کرنے سے تمھارے تمام کاموں کی کفایت ہوجائے گی اور تمھارے گناہ بخش دیے جائیں گے۔

حضرت شیخ ابوالمواہب الشاذلی رضی اللہ عنہ کو خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوا، آپ نے سرکار مدینہ کی بارگاہ اقدس میں عرض کی کہ یارسول اللہ جو شخص آپ پر ایک مرتبہ درود پاک پڑھے اللہ تبارک وتعالی اس پر دس رحمتیں نازل فرمائیں گے تو کیا یہ انعام اس شخص کے لئے ہے جو حضور قلب سے درود پڑھے گا؟ جس پر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ اجر تو اس شخص کے لئے ہے جو بغیر حضور قلب سے مجھ پر درود پڑھتا ہے لیکن جو شخص حضور قلب اور خشوع وخضوع کے ساتھ درود پڑھتا ہے تو اس شخص کے اجر کا علم سوائے اللہ تبارک وتعالی کے کسی کو نہیں۔

عظیم عاشق رسول حضرت علامہ قاضی یوسف اسماعیل النبہانی رضی اللہ عنہ نے درود وسلام پر اپنی پہلی دو مشہور زمانہ مقبول ومعروف تصانیف "افضل الصلوات علی سید السادات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" اور "سعادۃ الدارین فی الصلاۃ علی سید الکونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" میں ضخیم تعداد میں درود وسلام کے فضائل وفوائد جمع فرمائے ہیں، برکت حاصل کرنے کے لئے انہی دو بابرکت کتابوں سے کچھ اقتباسات پیش کئے جاتے ہیں۔

اللہ تبارک وتعالی نے حضرت آدم علیہ سلام کی عظمت کے اظہار کے لئے فرشتوں کو حکم دیا کہ وہ آدم کو سجدہ کریں، لیکن جب اپنے حبیب پاک صاحب لولاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت وشان اور علو مرتبے کو ظاہر کرنے کا ارادہ فرمایا تو یوں ارشاد فرمایا کہ (تحقیق اللہ تعالی اور اس کے فرشتے نبی پاک پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی ان پر درود اور خوب سلام پیش کرو)۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ جو شخص روزانہ مجھ پر ہزار مرتبہ درود پڑھتا ہے وہ مرنے سے پہلے جنت میں اپنا مقام دیکھ لے گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن مجھ پر زیادہ درود پڑھا کرو جو اس پر عمل کرے گا روز محشر، میں اس کی گواہی دینے کے ساتھ اس کی شفاعت کروں گا۔

سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن بعد از نماز عصر 80 مرتبہ درود پڑھے تو اس کے 80 برس کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔

سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ جو شخص کسی کتاب میں مجھ پر درود لکھے گا اور جب تک اس کتاب میں میرا نام رہے گا، فرشتے اس کے لئے بخشش و مغفرت کرتے رہیں گے۔

سید الاولین والاخرین کا ارشاد مبارک ہے کہ بندہ کی دعا اُس وقت تک پردہ حجاب میں رہتی ہے جب تک دعا مانگنے والا مجھ پر درود نہ پڑھے۔

تاج العارفین حضرت شیخ ابن عطاء اللہ السکندری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی شخص کے قیام وصیام میں کمی رہ گئی ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ اپنے آپ کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھنے میں مصروف کر لے۔

حضرت امام فاسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اللہ تبارک وتعالیٰ کا قرب حاصل کرنا چاہے تو درود شریف اس کے لئے بہترین وسیلہ ہے کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف اس کے رسول کریم رؤف رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ قریب اور بڑھ کر کوئی وسیلہ نہیں ہے۔

حضرت امام شعرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت خضر علیہ سلام نے حکم فرمایا کہ صبح سے لیکر طلوع آفتاب تک درود شریف پڑھا کرو اور پھر جب ہم نے اس طرح درود شریف کا ورد شروع کیا تو ہمیں دنیا اور آخرت کی بے شمار برکتیں حاصل ہوئیں اور رزق میں فراخی نصیب ہوئی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے تو وہ جنت کا راستہ بھول گیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تین شخص میری زیارت سے محروم ہوں گے۔ پہلا اپنے والدین کا نافرمان، دوسرا میری سنت کا تارک، اور تیسرا وہ شخص کہ جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ روز محشر تم میں سے میرے زیادہ قریب وہ ہوگا جس نے مجھ پر درود پاک کی کثرت کی ہوگی۔ تم میں سے جو جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات مجھ پر درود پاک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی سو حاجتیں پوری فرمائے گا۔ ستر حاجتیں آخرت کی اور تیس دنیا کی۔ پھر اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ مقرر کرتا ہے جو اس کے درود پاک کو لے کر میری خدمت میں حاضر ہوتا ہے اور عرض کرتا ہے کہ درود پاک کا یہ ہدیہ فلاں امتی نے جو فلاں کا بیٹا اور فلاں قبیلے کا ہے اس نے ہدیہ بھیجا ہے تو میں اس درود پاک کو نور کے سفید صحیفے میں محفوظ کر لیتا ہوں۔

سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ مجھ پر درود پاک کی کثرت کیا کرو کیونکہ قبر میں تم سے میرے متعلق سوال ہوگا۔

سید الاولین والاخرین کا ارشاد مبارک ہے کہ تمہارا مجھ پر درود پڑھنا قیامت کے دن پل صراط کے اندھیرے میں تمہارے لئے نور ہوگا اور جو شخص یہ چاہے گا کہ قیامت کے دن اسے اجر کا پیمانہ بھر بھر کر دیا جائے تو وہ مجھ پر درود پاک کی کثرت کرے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کچھ نوری فرشتے وہ ہیں جو صرف جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن زمین پر اترتے ہیں ان کے ہاتھوں میں سونے کے قلم، چاندی کی دواتیں اور نور کے کاغذ ہوتے ہیں وہ صرف اور صرف ان میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پاک پڑھنے والوں کا درود لکھتے ہیں۔

حضرت حذیفہ الیمانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمان ہے کہ درود پاک کا پڑھنا درود پاک پڑھنے والے کو اور اس کی اولاد اور اولاد کی اولاد کو رنگ دیتا ہے۔

سیدنا ابو العباس تیجانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد گرامی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا ہر خیر و برکت کی چابی ہے۔ انوار و اسرار و معارف کی چابی ہے تو

جو شخص اس سے الگ ہو گیا وہ کٹ گیا اور دھتکارا گیا۔

حضرت شیخ ابو المواھب الشاذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مجھے خواب میں زیارت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شرف حاصل ہوا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے شاذلی! تو میری امت کے ایک لاکھ کی شفاعت کرے گا میں نے عرض کی کہ کس وجہ سے؟ جس پر سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تو میرے دربار میں درود پاک کا ہدیہ پیش کرتا رہتا ہے۔

حضرت ابو المواھب الشاذلی فرماتے ہیں مجھے خواب میں زیارت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نوازا گیا تو دیکھا کہ آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے منہ کو بوسہ دیا اور فرمایا کہ میں اس منہ کو بوسہ دیتا ہوں جو مجھ پر ہزار بار دن میں اور ہزار بار رات میں درود پڑھتا ہے۔

حضرت امام شعرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مجھے شیخ احمد نے بتایا کہ انھوں نے فرشتوں کو قلم کے ساتھ لکھتے دیکھا ہے کہ درود پاک پڑھنے والے جو کلمہ منہ سے نکالتے ہیں اس کو فرشتے صحیفوں میں محفوظ کر لیتے ہیں۔

حضرت ابراھیم بن شیبان فرماتے ہیں کہ میں نے حج کیا اور مدینہ منورہ حاضر ہو کر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں جب سلام پیش کیا تو میں نے روضہ انور کے اندر سے آواز سنی وعلیک السلام یا ولدی۔

حضرت عبداللہ بن محمد مروزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں اور میرے والد رات کو آپس میں حدیث پاک کا دور کیا کرتے تھے اور جس جگہ بیٹھ کر یہ دور کیا کرتے تھے وہاں نور کا ایک ستون دیکھا جو آسمان کی بلندیوں تک جاتا تھا، پوچھا گیا یہ کیسا نور ہے؟ تو جواب ملا کہ یہ حدیث پاک کے دور کے وقت جو درود پاک کی کثرت ہوتی ہے یہ اس درود

پاک کا نور ہے۔

حضرت شیخ احمد بن ثابت مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے درود پاک کی جو برکات دیکھی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ میرا ایک دوست فوت ہو گیا میں نے اسے خواب میں دیکھا اس کے احوال دریافت کئے جس پر اس نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر رحم فرمایا اور اپنے فضل سے عزت و اکرام سے نوازا۔ پھر میں نے پوچھا کیا آپ پر ہمارا حال بھی کچھ ظاہر ہوا ہے یا نہیں؟ اس نے جواب دیا اے بھائی! تجھے بشارت ہو کہ تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے نزدیک صدیقوں میں سے ہے۔ میں نے پوچھا یہ کس وجہ سے ہے؟ تو اس نے جواب دیا کہ تو نے درود پاک کے متعلق جو کتاب لکھی ہے یہ اس وجہ سے ہے۔

حضرت ابو العباس خیاط رحمۃ اللہ علیہ ایک دن محمد ابن رشیق کی محفل میں آئے اور فرمایا کہ تم پڑھو، اپنا کام کرو میں تو اس لئے حاضر ہوا ہوں کہ مجھے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوا ہے اور مجھے آقائے دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ ابن رشیق کی مجلس میں جایا کرو کیونکہ وہ مجھ پر بہت زیادہ درود پاک پیش کرتا ہے۔

فرمایا گیا کہ وہ کون سا وسیلہ شفاعت ہے اور کون سا عمل ہے جو زیادہ نفع دینے والا ہو اس ذات والا صفات پر درود پاک پڑھنے سے، جس ذات بابرکات پر اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود پاک بھیجتے ہیں بس اس ذات والا صفات پر درود پاک پڑھنا نور اعظم ہے اور یہ وہ تجارت ہے جس میں خسارہ نہیں۔ درود پاک کو مضبوطی سے پکڑ لو اس کی برکتوں سے تیرا غیب پاک ہوگا، تیرے اعمال پاکیزہ ہوں گے تو انتہائی امیدوں کو حاصل کرلے گا اور قیامت کے دشوار ترین دن پریشانیوں سے امن میں رہے گا۔

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہما کی ایک روایت کے مطابق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ قیامت کے دن سب سے زیادہ میرے نزدیک وہ شخص ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر دُرود پڑھتا ہوگا۔

دُرود وسلام کے موضوع پر ابتداء سے ہی کتابیں مرتب ہونا شروع ہوئیں، ہورہی ہیں اور انشاء اللہ ہوتی رہیں گی، کیونکہ سیدُ الاولین والاخرین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکرِ مبارک بغیر کسی وقفہ سے جاری وساری ہے اور ابد تک جاری رہے گا کیونکہ اللہ تبارک تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اے حبیب! ہم نے آپ کے ذکر کو بلند کیا۔

ہر صدی کی طرح تیرویں صدی ہجری میں بھی بے شمار عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دنیا میں تشریف لائے اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے پیارے حبیب اور ہم سب کے آقا و شفیع صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنی عقیدت ومحبت کا اظہار اسطرح فرمایا کہ آج اُن کے دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد ان عظیم شخصیات اور عشق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ڈوبی ان کی تالیفات کا تذکرہ جاری وساری ہے، انھی میں دنیائے عرب کی ایک عظیم شخصیت عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، فاضل جلیل، ادیب وشاعر، بوصیری عصر حضرت علامہ یوسف بن اسماعیل النبہانی رضی اللہ عنہ ہیں ان سطور میں اس عظیم شخصیت اور دُرود وسلام کے حوالے سے اُنکی مشہور زمانہ کتاب

افضل الصلوات علی سید السادات صلی اللہ علیہ وسلم

کا مختصر الفاظ میں خیر وبرکت حاصل کرنے کیلئے تذکرہ مقصود ہے۔

عظیم

عاشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت علامہ قاضی یوسف اسماعیل النبہانی

تعارف عاشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حضرت علامہ امام یوسف اسماعیل النبہانی رضی اللہ عنہ

آپ رضی اللہ عنہ کا اسم گرامی یوسف بن اسماعیل النبہانی اور ولادت باسعادت شہر انبیاء واولیاء ''فلسطین'' کے شمال میں واقع ایک گاؤں ''**اجــزم**'' میں 1265 ہجری (1849ء) میں ہوئی، قرآن پاک اپنے والد ماجد (جو اپنے وقت کے کامل بزرگ تھے) سے پڑھا پھر انھوں نے آپکو اعلیٰ دینی تعلیم کے لئے قاہرہ (مصر) بھیجا جہاں پر آپ یکم محرم الحرام 1283 ہجری (مئی 1866ء) جامعہ ازہر میں داخل ہوئے اور رجب 1289 ہجری (اکتوبر 1872ء) تک قیام کے دوران جید علماء اور مشائخ سے علم حاصل کیا۔ آپ اپنے ان اساتذہ اور مشائخ کے بارے میں فرمایا کرتے تھے ''**لو انفرد کل واحد منهم فى اقليم**'' کہ اگر اُن میں سے کوئی ایک بھی دُنیا کے کسی خطہ میں ہوتا ''**لكان قائداهله الى جنة النعيم**'' تو وہ اس علاقہ کے مکینوں کو جنت کی راہ پر چلانے کیلئے اُن کا سربراہ ہوتا۔ جامعہ ازہر سے فراغت کے بعد اپنے گاؤں اجزم تشریف لے آئے پھر کچھ عرصہ ''عکا'' اور ''اجزم'' میں قیام کے دوران دینی علوم کی تکمیل کی۔

اس کے بعد آپ بیروت اور 1292 ہجری میں شام تشریف لے گے اور شامی علماء ومشائخ کی صحبت میں رہ کر اپنی ظاہری وباطنی منازل طے کرتے رہے۔ اُس زمانہ کی ایک عظیم ومشہور شخصیت فضیلت الشیخ السید محمود آفندی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں نہ صرف حاضری کا شرف حاصل ہوا بلکہ آپ نے اُن سے بُخاری شریف کا درس بھی لیا اور مختلف اجازتیں بھی حاصل ہوئیں۔ 1293 ہجری آپ قسطنطنیہ (ترکی) روانہ ہوئے اور وہاں پر جریدۃ ''**الجوائب**'' کے ادارہ میں شامل ہو گے۔ اس ادارے کا مالک احمد آفندی آپ سے بہت زیادہ عقیدت ومحبت رکھتا تھا آپ نے تقریباً ڈھائی سال ترکی میں قیام فرمایا جس

کے بعد آپ موصل (عراق) کے ایک مقام ''**کوی سنجق**'' میں قاضی مقرر ہو گئے اور 15 ماہ تک قاضی کے فرائض سرانجام دینے کے بعد بغداد تشریف لے آئے اور ایک ماہ قیام کے دوران سادات کرام اور اولیائے کرام کے مزارات مبارکہ پر حاضری کا شرف حاصل کیا پھر بغداد شریف سے شام تشریف لائے اور یہاں پر اپنے والد گرامی اور عزیز واقارب سے ملاقات اور کچھ عرصہ قیام کے بعد دوبارہ 1297 ہجری میں قسطنطنیہ تشریف لے گئے جہاں دوسال مزید قیام فرمایا، اسی دوران آپ نے اپنی پہلی کتاب ''**الشرف المؤبد لآل محمد صلى الله عليه وآله وسلم**'' تالیف فرمائی۔

1300 ہجری میں شام کے ایک ساحلی شہر ''**لاذقیہ**'' میں بطور قاضی عدل تقرری ہوئی یہاں تقریباً 5 سال قیام رہا اس دوران اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی کے علاوہ عبادت وریاضت کے ساتھ ساتھ اولیاء کرام کے آستانوں پر حاضر ہو کر اُن سے فیوضات وبرکات حاصل کرتے ''**لاذقیہ**'' میں 5 سال قیام کے بعد ''بیت المقدس شریف'' کے محکمہ عدل میں تقرری ہوئی۔ یہاں پر ایک عظیم ولی کامل قادری بزرگ سیدی شیخ حسن ابی حلاوہؒ سے مُلاقات کا شرف حاصل ہوا اور اُن سے فیوضات وبرکات، سلسلہ قادریہ اور اذکار بھی حاصل کیے، اس عظیم ولی کامل نے آپ کو درود پاک کا ایک صیغہ بھی عطا فرمایا جو پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات کیلئے مجرب ہے، برکت کیلئے یہ صیغہ یہاں بھی درج کر رہے ہیں۔

''**اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْحَبِيْبِ الْمَحْبُوْبِ شَافِى الْعِلَلِ وَمُفَرِّجِ الْكُرُوْبِ**''۔

بیت المقدس شریف میں ایک سال سے کچھ کم عرصہ گزارنے کے بعد 1305 ہجری (1888ء) آپکو ترقی دے کر بیروت (لبنان) میں ''**محکمہ الحقوق**'' کا سربراہ (چیف جسٹس/قاضی القضاۃ) مقرر کر دیا گیا اور ہجری 1327 تک آپ اس منصب پر فائز رہے۔

حضرت علامہ یوسف اسماعیل النبہانی رضی اللہ عنہ اپنی کتاب "الدلالات الواضحات علی دلائل الخیرات" کے مقدمہ میں فرماتے ہیں کہ میں نے محکمہ عدل وانصاف میں 30 سال گزارے "واللہ انی لا اذکرانی حکمت فی ھذہ المدۃ حکما مخالفا للشریعہ المطھرۃ" اور خدا کی قسم مجھے یاد نہیں پڑتا کہ میں نے اس سارے عرصہ میں کوئی ایک فیصلہ بھی شریعت مطہرۃ کے خلاف کیا ہو "ولذلک رایت فی منامی وانافی المدینۃ المنورہ وان محکمتی فی جانب محکمۃ سیدنا عمر الفاروق رضی اللہ عنہ" اسی سبب میں نے اپنی ایک خواب میں دیکھا کہ میں مدینہ منورہ میں ہوں اور میری عدالت سیدنا عمر الفاروق رضی اللہ عنہ کی عدالت کے ساتھ ہے اور میں زندوں کی طرح اُن کے ہمراہ ہوں اور اس کرم ومہربانی پر میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں۔

عاشق رسول ﷺ حضرت علامہ یوسف اسماعیل النبہانی 1327 ہجری میں جب بیروت کے محکمۃ الحقوق سے فارغ ہوئے تو پھر اپنا سارا وقت عبادت وریاضت اور تحریر و تالیف کے لئے وقف کر دیا اور سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قربت اختیار کرنے کی خاطر مدینہ طیبہ تشریف لے گئے اور تقریباً 7 سال سید الاولین والاخرین صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر پاک میں مُقیم رہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدح سرائی کے لئے اپنی زبان اور قلم سے وہ خدمات سرانجام دیں "مالم یتیسر لغیرہ ولا عشر معشارہ" جو آج تک کسی کو اُن خدمات کا عشر عشیر بھی نصیب نہ ہو سکا۔ اپنے قیام مدینہ منورہ کے دوران شیخ الدلائل حضرت علامہ محمد سعید مالکی رضی اللہ عنہ سے دلائل الخیرات شریف کی اجازت نصیب ہوئی جو چند واسطوں سے صاحب دلائل الخیرات سیدی محمد بن سلیمان الجزولی رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے۔ آپ کے ایک عظیم سوانح نگار حضرت علامہ محمد حبیب الشنقیطی بیان فرماتے ہیں کہ میں نے مدینہ منورہ میں آپکو اس قدر عبادت وریاضت

کرتے دیکھا کہ کہنا پڑتا ہے کہ اسطرح کی سعادت اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے اولیاء اور اصفیاء کو ہی عطا فرماتا ہے۔

حضرت علامہ یوسف اسماعیل النبہانی رضی اللہ عنہ عشق رسول اور خدمت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں زندگی گزارنے کے بعد رمضان 1350 ہجری (1932ء) اس دار الفناء سے دار البقاء کی جانب روانہ ہوئے اور شہر بیروت (لبنان) کے مشہور قبرستان "مقبرۃ باشورہ" میں آخری قیام گاہ بنی جہاں پر آج بھی اُن کے چاہنے والے حاضری کا شرف حاصل کرتے ہیں۔

مزار پُر انوار

حضرت علامہ یوسف اسماعیل النبہانی رضی اللہ عنہ

تصانیف

حضرت علامہ یوسف اسماعیل النبہانی رضی اللہ عنہ دلائل الخیرات شریف کی شرح کے ابتدائیہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ مجھ پر اللہ تبارک تعالیٰ کا بہت زیادہ فضل وکرم اور مہربانی ہے کہ اُسی کی توفیق سے میں اس وقت تک 60 سے زائد کتب تحریر کر چکا ہوں اور وہ سب کی سب سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے دین متین کی خدمت میں ہیں اور پھر اُسکی توفیق اور فضل وکرم سے یہ کتابیں شائع ہوکر عالم اسلام میں پھیلیں اور انکو شرف قبولیت حاصل ہوا اور لوگ اُن سے مستفیض ہو رہے ہیں اللہ تبارک تعالیٰ اور اُس کے حبیب اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں ان کتابوں کی قبولیت کی سب سے عظیم نشانی یہ ہے کہ مجھے ان کتابوں کی تالیف کے بعد حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت مبارکہ کا شرف حاصل ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ پر کمال مہربانی فرماتے ہوئے متعدد بار اپنی زیارت سے سرفراز فرمایا۔ آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی ان کتابوں میں سے کئی کتابیں صرف درود وسلام کے موضوع پر تحریر کیں۔ برکت حاصل کرنے کیلئے ان کتابوں کے ناموں کا ذکر کرتے ہیں۔

1. افضل الصلوات علی سید السادات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
2. سعادة الدارین فی الصلاة علی سیدالکونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
3. صلوات الثناء علی سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
4. جامع الصلوات فی سید السادات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
5. صلوات الاخیار علی النبی المختار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
6. الصلوات الالفیہ فی الکمالات المحمدیة
7. صلوات المخاطبات الجامعہ لدلائل النبوة والمعجزات
8. الدلدلات الواضحات علی دلائل الخیرات وشوارق الانوار فی ذکر الصلاة علی النبی المختار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت علامہ قاضی یوسف اسماعیل النبہانی رضی اللہ عنہ کی تالیفات مبارکہ کی دستیاب فہرست کتاب ہٰذا کے آخر میں ملاحظہ فرمائی جاسکتی ہے۔

قارئین کرام! زیرِ نظر کتاب "افضل الصلوات علی سید السادات صلی اللہ علیہ وسلم" حضرت علامہ قاضی یوسف اسماعیل النبہانی رضی اللہ عنہ کی درود وسلام کے موضوع پر اولین کتاب ہے جو آپ کی حیاتِ مبارکہ میں 1309 ہجری، بیروت پریس (لبنان) سے شائع ہوئی۔ یہ مبارک کتاب جب بلادِ اسلامیہ میں پھیل گئی تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے اس کتاب کو شرف قبولیت حاصل ہوا۔ کتاب مذکورہ میں فضائل درود وسلام پر 7 فصلیں اور 70 صیغہ ہائے درود و سلام کو مستند اسناد کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔ انشاء اللہ ان صیغوں کو پڑھنے سے وہ تمام فیوضات اور برکات حاصل ہوں گے جو ان میں پوشیدہ ہیں۔ جن احباب کو یہ بابرکت نسخہ وصول ہو ان سے یہ درخواست ہوگی کہ وہ ان تمام پُرنور صیغہ ہائے درود وسلام کو کم از کم ایک بار ضرور پڑھنے کی سعادت حاصل کرنے کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تمام اُمت کی بخشش ومغفرت کے لئے دُعا فرمائیں اور جنہوں نے اس کتاب کو شائع کرنے کا اہتمام کیا، حضرت علامہ یوسف اسماعیل النبہانی کے وسیلہ جلیلہ سے ان کا یہ ہدیۂ عقیدت بارگاہ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں شرف قبولیت پا جائے۔ آمین

بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

والسلام علیکم و رحمۃ اللہ وبرکاتہ

سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ادنیٰ ترین امتی

قطعۂ تاریخ سالِ وصال

حضرت علامہ قاضی یوسف اسماعیل النبھانی رحمۃ اللہ علیہ

سالِ وصال 1932 عیسوی - 1350 ہجری

"نیرِ مُنیرِ معرفت"

1350 ہجری

واصف و مداحِ محبوبِ خُدا — عاشقِ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ

فاضلِ دوراں زعیمِ روزگار — اہلِ دل اہلِ نظر کا پیشوا

جو کتابیں وصفِ آقا ﷺ میں لکھیں — اُن کی شہرت ہے جہاں میں جا بجا

ہر زمانے کیلئے ہیں بالیقین — اُس کی تحریریں مُفید، ایماں فزا

جو لکھا اُس نے درُود، اُس نے سلام — ہے وہ بے حد رُوح پرور دل کُشا

گوہرِ یکتائے دُرجِ معرفت — گلشنِ معنیٰ کا وردِ خُوش نُما

مرجع و مخدومِ اہلِ ذوق و شوق — عارفوں، دیدہ وروں کا مُقتدا

وہ ہے مقبولِ مُحبانِ نبی ﷺ — وہ عزیزِ عاشقانِ مصطفیٰ ﷺ

ولولہ انگیزِ عشقِ شاہِ دیں — خُوش نوا نغمہ گرِ خیرُالوریٰ

یمن "حی" سے وصلِ نبہانی کا سال 18 — "اوجِ حق مردِ حقیقت آشنا" 1332+18 = 1350

ہے سَر "بے مثل" سے "شیخِ عظیم" 1930+2=1932 2 — سالِ رحلت اُس جلیل القدر کا 1332+18 = 1350

نتیجۂ فکر

طارقؔ سلطانپوری

أفضل الصلوات على سيد السادات

جمع الفقير يوسف بن اسماعيل النبهاني رئيس محكمة حقوق بيروت غفر الله له ولمن دعا له بالمغفرة

قال قطب زمانه سيدي محمد البكري الكبير رضي الله عنه

مَا أَرْسَلَ الرَّحْمٰنُ أَوْ يُرْسِلُ * مِنْ رَحْمَةٍ تَصْعَدُ أَوْ تَنْزِلُ

فِي مَلَكُوتِ اللهِ أَوْ مُلْكِهِ * مِنْ كُلِّ مَا يَخْتَصُّ أَوْ يَشْمَلُ

إِلَّا وَطٰهَ الْمُصْطَفٰى عَبْدُهُ * نَبِيُّهُ مُخْتَارُهُ الْمُرْسَلُ

وَاسِطَةٌ فِيهَا وَأَصْلٌ لَهَا * يَعْلَمُ هٰذَا كُلُّ مَنْ يَعْقِلُ

طبع برخصة مجلس معارف ولاية بيروت الجليلة المؤرخة في ٢٤ تشرين الثاني سنة ٣٠٧ نومرو ٤٧٤

في بيروت بالمطبعة الأدبية سنة ١٣٠٩ هجرية

بیروت پریس (لبنان) سے 1309 ہجری میں شائع ہونے والا "افضل الصلوات علی سید السادات" کے عربی نسخے کے سرورق کا عکس

پہلی فصل

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا o (پ22 سورۃ الاحزاب آیت 56)

"بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر اے ایمان والو تم بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا کرو اور خوب سلام عرض کیا کرو"۔

جب صلوۃ کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کی مجلس میں اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف وثناء کرتا ہے۔

صَلٰوةُ اللّٰهِ تَعَالٰى ثَنَآؤُهٗ عَلَيْهِ عِنْدَ الْمَلٰٓئِكَةِ (رواہ البخاری)

اللہ تعالیٰ کے درود بھیجنے کا مطلب یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر کو بلند کر کے آپ کے دین کو سب دینوں پر غلبہ عطا فرما کر آپکی شریعت پر عمل قیامت تک برقرار رکھ کر دنیا میں آپکی عزت وشان میں زیادتی فرماتا ہے اور قیامت کے دن امت کے لئے آپکی شفاعت قبول فرما کر اور مقام محمود پر کھڑا کر کے آپکی شان کو ظاہر فرمائے گا۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مبارکباد پیش کرتے رہے۔

حضرت علامہ سخاوی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ سے مطلع فرمایا کہ میرے نزدیک میرے محبوب کی یہ شان ہے کہ میں خود عالم بالا میں مقربین فرشتوں کے سامنے اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کمالات ومراتب بیان کرتا ہوں۔ اور میرے فرشتے میری بارگاہ

میں میرے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درجات کی بلندی اور مقامات کی رفعت کے لئے دعا کرتے رہتے ہیں۔ ادھر میں نے عالم دنیا میں رہنے والے تمام ایمان والوں کو حکم دیا کہ میرے محبوب پر درود وسلام بھیجو!

سہل بن محمد بن سلیمان فرماتے ہیں:

حضرت آدم علیہ السلام کی عظمت کے اظہار کیلئے اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم دیا کہ وہ آدم علیہ السلام کی طرف سجدہ کریں اور اپنے حبیب پاک صاحب لولاک صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ وشان کو اپنے فرمان "**اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ**" الآیت۔ میں ظاہر فرماتے ہوئے پہلے خبر دی کہ خداوند کریم خود اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتا ہے۔ پھر فرشتوں کے درود بھیجتے رہنے کا ذکر فرمایا۔ پھر ایمان والوں کو درود وسلام بھیجنے کا حکم فرمایا۔

حضرت ابن فدیک فرماتے ہیں:

بعض اکابرین نے فرمایا کہ جو شخص آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اقدس پر حاضر ہو کر پہلے یہ آیت پڑھے "**اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا**" پھر ستر مرتبہ "**صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ**" کہے تو آسمان سے فرشتہ کہتا ہے کہ آج کے دن تیری تمام حاجتیں پوری ہو گئیں۔

ایک حدیث شریف میں آتا ہے کہ ایک آدمی آنکھوں سے معذور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میرے لئے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ میری بینائی لوٹا دے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو حکم کیا کہ اچھی طرح وضو کرے پھر یہ دعا

مانگے۔

''اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ لِتُقْضٰی لِیْ اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِیَّ''

اس آدمی نے آپ کے حکم پر عمل کیا تو اس کی بینائی لوٹ آئی۔ بعض اہل علم نے فرمایا کہ یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جگہ یا رسول اللہ پڑھنا چاہیے۔

حضرت ابن العربی فرماتے ہیں کہ درود شریف پڑھنے کے فوائد خود درود پڑھنے والے کی طرف رجوع کرتے ہیں کیونکہ یہ عقیدہ کی درستی اور صفائی اور اظہار محبت اور اطاعت پر مداومت پر دلالت کرتا ہے اور اس میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و توقیر بھی ہے اور آپ تمام نعمتوں کے حصول میں واسطہ و ذریعہ بھی ہیں۔

جس طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھا جاتا ہے اسی طرح دیگر انبیاء کرام علیہم السلام پر بھی درود و سلام پڑھنا چاہیے صحابہ کرام و تابعین عظام اور دیگر اکابرین پر رضی اللہ تعالیٰ عنہم و رحم اللہ تعالیٰ علیہم کہنا چاہیے۔ لیکن بالاستقلال درود پڑھنا صحابہ پر روا نہیں البتہ بالتبع درست ہے صحابی کا نام آئے تو رضی اللہ تعالیٰ عنہ پڑھا جائے۔ تابعین اور سلف صالحین کے نام پر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی پڑھ سکتے ہیں اور رحمۃ اللہ علیہ پڑھنا بھی درست ہے۔

حضرت عزیز الدین بن عبد السلام فرماتے ہیں کہ ہم جو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھتے ہیں یہ ہماری طرف سے سفارش نہیں ہم اس مرتبے کے کہاں ہوتے ہیں آپ جیسی ہستی کیلئے اللہ تعالیٰ کے دربار میں سفارش کریں۔ اصل بات یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمارے اوپر بے شمار احسانات و انعامات ہیں جن کا بدلہ دینے سے ہم عاجز

ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ نے ہماری عاجزی کو دیکھا تو درود شریف کا حکم دیا۔ تاکہ کچھ نہ کچھ احسانات کی مکافات ہو جائے۔ گویا ہم عرض کرتے ہیں یا اللہ تو پاک ہے اور تیرا نبی بھی پاک ہے۔ اپنے پاک درود اپنے پاک نبی پر بھیج کر ہماری طرف سے مکافات فرما دے۔

سیدی عبدالعزیز دباغ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمان:

آپ فرماتے ہیں کہ درود شریف کا پڑھنا ''اَفْضَلُ الْاَوْرَادِ'' تمام اعمال اور وظائف سے اس کا پڑھنا افضل ہے اور جو فرشتے جنت کے ارد گرد رہتے ہیں ان کا ذکر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت درود پڑھنا ہے جب وہ فرشتے درود بھیجنا شروع کرتے ہیں تو جنت وسیع ہوتی جاتی ہے۔ فرشتے درود بھیجنے میں سستی نہیں کرتے اور انکے درود بھیجنے سے جنت وسیع ہوتی رہتی ہے۔ کیونکہ کہ جنت آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے پیدا ہوئی ہے۔

دوسری فصل

ان حدیثوں کا بیان جن میں درود پڑھنے کی ترغیب دی گئی ہے۔

حدیث: **قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً صَلَّی اللّٰہُ بِھَا عَشْرًا۝**

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے مجھ پرایک مرتبہ درود پڑھا اللہ اس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے"

اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کا کس قدر اونچا مرتبہ ہے۔

وَقَالَ رُسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَامِنْ اَحَدٍ یُسَلِّمُ عَلَیَّ اِلَّارَدَّ اللّٰہُ عَلَیَّ رُوْحِیْ حَتّٰی اَرُدَّعَلَیْہِ السَّلَامَ۝

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجھ پر سلام کرتا ہے اللہ تعالیٰ میری روح کولوٹا دیتا ہے اور میں اس کے سلام کا جواب دیتا ہوں"

اس کی تشریح میں لمعات میں فرمایا:

"اِنَّمَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْبَرْزَخِ مَشْغُوْلٌ بِاَحْوَالِ الْمَلَکُوْتِ مُسْتَغْرَقٌ فِیْ مُشَاھَدَہِ رَبِّہٖ فَعَبَّرَ عَنْ اِفَاقَتِہٖ مِنْ تِلْکَ الْمُشَاھَدَۃِ مِنْ ذٰلِکَ الْاِسْتِغْرَاقِ بِرَدِّ الرُّوْحِ" (لمعات ج ۳ ص ۱۹۲)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عالم برزخ میں ملکوت کے حالات میں مشغول اپنے رب تعالیٰ کے مشاہدہ میں مستغرق رہتے ہیں اس مشاہدہ اور استغراق سے افاقہ کو رَدِّ روح سے تعبیر کیا ہے۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالیٰ تبارک تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے جو

سب مخلوق کی آواز سنتا ہے میرے وصال کے بعد میرے روضہ اقدس پر کھڑا رہے گا پس جو شخص سچے دل سے میرے اوپر درود پڑھے گا وہ فرشتہ عرض کرے گا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلاں ابن فلاں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پیش کیا ہے پھر اللہ تبارک تعالیٰ اُس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا اور فرشتے بھی اُس شخص کیلئے استغفار کرتے رہتے ہیں جب تک وہ مجھ پر درود پڑھتا رہے گا۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! کہ مجھ پر جمعہ کے دن زیادہ درود پڑھا کرو کیونکہ میری اُمت کا درود ہر جمعہ کے دن مجھ پر پیش کیا جاتا ہے اور میں خود بھی اُن کا درود سنتا ہوں۔

ترمذی شریف اور ابن ماجہ کی ایک حدیث میں ہے کہ بیشک میں دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھتے اور سنتا ہوں وہ تمام جو تم نہیں سنتے۔ اس حدیث میں "ما" کا لفظ عام ہے اگر "ما موصولہ" ہے تو یہ خود عموم کیلئے آتا ہے اور اگر "ما" نکرہ ہوتا تو وہ بھی مقامِ نفی میں ہونے کی وجہ سے عام ہوگیا۔

جلاء الافهام فی الصلوۃ والسلام علی خیر الانام

میں ابن قیم نے حدیث نقل فرمائی ہے کہ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جمعہ کے دن مجھ پر زیادہ درود پڑھا کرو۔ کیونکہ اس دن فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور جو شخص بھی مجھ پر درود پڑھتا ہے وہ جہاں کہیں بھی ہو اس کا درود اور اس کی آواز مجھ تک پہنچتی ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کیا اور آپ کے وصال کے بعد بھی ایسا ہوگا فرمایا ہاں میرے وصال کے بعد بھی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کردیا ہے کہ وہ انبیاء علیہم السلام کے اجسام مبارکہ کو کوئی گزند پہنچائے۔

باقی درود شریف آپ خود بھی سنتے ہیں اور ایک نظام کے ماتحت فرشتے بھی

پہنچاتے ہیں جیسے اللہ تعالیٰ بندوں کے تمام افعال کو دیکھتا ہے اور جملہ باتوں کو سنتا ہے اور اس کے باوجود بھی فرشتے صبح وشام بندوں کے اعمال حاضر بھی کرتے ہیں۔

ایک حدیث میں آتا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے اور جو شخص مجھ پر سو بار درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھ دیتا ہے کہ یہ شخص منافقت سے بیزار ہے اور دوزخ سے آزاد ہے اور قیامت کے دن وہ جنت میں شہیدوں کے ساتھ ہوگا تم مجھ پر بکثرت درود پڑھا کرو جب میرا ذکر کیا جائے کیونکہ اس سے تمہارے تمام گناہ بخشے جاتے ہیں۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہزار مرتبہ روزانہ مجھ پر درود پڑھے وہ مرنے سے پہلے جنت میں اپنی جگہ دیکھ لے گا۔

بزرگان دین کے اقوال

1. حضرت ابوغسان مدنی رضی اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو شخص روزانہ سو بار دورد شریف پڑھ لے اس کو ہمیشہ عبادت میں مشغول رہنے کا ثواب ملے گا۔

2. حضرت سید علی الخواص رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ درود شریف پڑھنے پر اللہ تعالیٰ جو رحمتیں اپنے بندہ پر نازل فرماتا ہے وہ غیر متناہی ہیں کیونکہ اس کی رحمت کی نہ کوئی ابتداء ہے اور نہ انتہا۔

3. حضرت ابوالحسن شاذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں سیر وسیاحت کے دوران ایک رات درندوں کی زد میں آ گیا جب وہ میرے اوپر حملہ کرنے لگے تو میں ایک اونچے ٹیلے پر بیٹھ گیا میرے دل میں خیال آیا کہ اب مجھے درود شریف پڑھنا چاہیے کیونکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر

دس رحمتیں نازل فرماتا ہے جب اللہ تعالیٰ مجھ پر دس رحمتیں نازل فرمادیں تو میں ان درندوں سے محفوظ ہو جاؤں گا چنانچہ ایسا ہی ہوا جب میں نے درود پڑھ لیا تو تمام رات کیلئے درندوں سے محفوظ رہا۔

4. عارف باللہ تاج الدین عطاء اللہ السکندری فرماتے ہیں! جو شخص اپنی زندگی بیکار کاموں میں ضائع کر بیٹھا اس کو چاہیے کہ اس کی تلافی اذکار جامعہ کے ذریعہ سے کرے اور جو شخص زیادہ نفلی روزے نماز بکثرت ادا نہیں کر سکا اس کو چاہیے کہ جناب رسالتماب صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے میں مشغول ہو جائے کیونکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اس پر رحمتیں نازل فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی ایک رحمت زندگی کی تمام عبادتوں سے درجہ میں زیادہ ہے پھر یہاں تو ایک درود پڑھنے پر دس رحمتیں ہیں۔

5. امام فاکہانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں بہت بڑا مقصد اولین وآخرین کا یہ رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ایک رحمت حاصل ہو جائے تو مقاصد دارین کے حصول کیلئے صرف ایک رحمت خداوند کریم کی بھی کافی ہے یہاں تک کہ اگر کسی عاقل سے سوال کیا جائے کہ تو کیا پسند کرتا ہے یہ کہ تمام مخلوق کے نیک اعمال تیرے اعمال نامہ میں شامل کر دیے جائیں یا اللہ تعالیٰ کی رحمت تیرے اعمال نامہ میں داخل کر دی جائے تو وہ عاقل اللہ تعالیٰ کی رحمت کے برابر تمام مخلوق کے اعمال صالحہ کو بھی نہیں قرار دے گا۔ پھر یہاں تو درود پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ بھی رحمتیں نازل کرتا رہتا ہے اور تمام فرشتے بھی، تو کسی مسلمان کو یہ مناسب نہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت درود نہ پڑھے یا درود پڑھنے سے غافل ہو جائے۔

تیسری فصل

ان احادیث کے بیان میں جن میں جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن درود شریف بھیجنے کی ترغیب دی گئی ہے اور اس کی حکمت کا بیان:

1. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات میرے اوپر زیادہ درود پڑھا کرو۔ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا اللہ تعالی اس پر دس رحمتیں بھیجے گا۔

2. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! ہر جمعہ کے دن مجھ پر زیادہ سے زیادہ درود پڑھا کرو کیونکہ میری امت کا درود ہر جمعہ کے دن میرے سامنے پیش ہوتا رہتا ہے لہذا جو شخص مجھ پر زیادہ درود پڑھے گا وہ سب سے زیادہ میرے قریب ہوگا۔

3. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن میرے اوپر زیادہ درود پڑھا کرو۔ جو ایسا کرے گا میں قیامت کے دن اس کے لئے گواہی دوں گا اور شفاعت کروں گا۔

4. آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر ایک سو مرتبہ درود بھیجے گا اس کے اسی (80) برس کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

5. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جو شخص جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ مجھ پر درود پڑھے گا وہ مرنے سے پہلے جنت میں اپنا ٹھکانہ دیکھ لے گا۔

6. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز پڑھ کر اٹھنے اور گفتگو سے پہلے اسی (80) مرتبہ درود پڑھے تو اُس کے اسی (80) سال گناہ معاف ہو جائیں گے اور اسی (80) سال کی عبادت اس کے نامہ اعمال میں لکھ دی جائے گی۔

7. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالی کے نورانی فرشتوں کی ایک

جماعت ہے جو جمعہ کی شب اور جمعہ کے دن زمین پر اترتے ہیں ان کے ہاتھوں میں سونے کی قلمیں اور نور کے کاغذات ہوتے ہیں جن سے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف ہی لکھتے ہیں۔

امام شافعی کا فرمان ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت درود شریف پڑھنے سے محبت رکھتا ہوں۔ ہر حال میں خاص طور پر جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن تو بہت ہی زیادہ درود پڑھنے کو پسند کرتا ہوں۔

حضرت ابن حجر رحمتہ اللہ علیہ نے بعض بزرگوں سے روایت فرمایا کہ جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات درود شریف پڑھنے کا ثواب تلاوت قرآن مجید سے بھی زیادہ ہے۔ بغیر سورۃ کہف کے کیونکہ اس سورۃ کو جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات پڑھنے کی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تصریح فرمائی ہے۔

چوتھی فصل

اُن احادیث کے بیان میں جن میں زیادہ درود پڑھنے کی احادیث وارد ہوئی ہیں اور اُن کے متعلق دیگر روایات۔

1. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! مجھ پر زیادہ درود پڑھا کرو کیونکہ قبر میں میرے متعلق تم سے سوال ہوگا۔

2. آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! کہ مجھ پر درود پڑھنے والے کو روزِ محشر پُل صراط کی تاریکی میں نور حاصل ہوگا۔

3. سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جو پسند کرے کہ اللہ تعالیٰ تبارک تعالیٰ اُس کو اس حال میں ملے کہ اللہ تبارک تعالیٰ کی رضا اُس پر ہو تو چاہیئے مجھ پر زیادہ سے زیادہ درود پڑھا جائے۔

4. جنابِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جس کو کوئی مشکل پیش آئے وہ مجھ پر زیادہ تعداد میں درود پڑھے کیونکہ اس سے مشکلیں، مصیبتیں، غم اور پریشانیاں دُور ہوتی ہیں رزق میں زیادتی ہوتی ہے اور تمام حاجتیں پوری ہو جاتی ہیں۔

5. آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! بیشک قیامت کے دن تم میں سے اُس دن کی سختیوں سے نجات پانے والا وہ ہوگا جس نے دنیا میں مجھ پر زیادہ درود پڑھا ہوگا۔

6. نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! قیامت کے دن تین شخص عرش کے نیچے ہوں گے جس دن اُس کے بغیر کوئی سایہ نہیں ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ وہ کون لوگ ہوں گے جس پر سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا! ایک وہ شخص جو مصیبت میں میرے کسی اُمتی پر آسانی کرے دوسرا وہ شخص جو میری کسی سنت کو لوگوں میں زندہ رکھے اور تیسرا وہ شخص جو مجھ پر زیادہ درود شریف پڑھے۔

حضرت کعب الاحبار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں! کہ اللہ تبارک تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف یہ وحی نازل کی کہ اے موسیٰ! اگر میرے عبادت گزار بندے نہ ہوتے تو میں نافرمانوں کو ذرہ بھر مہلت نہ دیتا، اگر میری وحدانیت کی گواہی دینے والے دنیا میں نہ ہوتے تو دنیا والوں پر عذاب نازل کرتا۔ اے موسیٰ! کیا تو چاہتا ہے کہ روزِ محشر کو تجھے پیاس محسوس نہ ہو تو میرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پر زیادہ درود پڑھتے رہنا۔

حضرت علامہ سخاوی بیان فرماتے ہیں! کہ بنی اسرائیل میں ایک بدکردار شخص رہتا تھا جب وہ مر گیا تو لوگوں نے اُس کو پھینک دیا۔ اللہ تبارک تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام پر وحی نازل کی کہ اس شخص کو غسل دو اور اُس کی نمازِ جنازہ بھی ادا کرو کیونکہ میں نے اس کو بخش دیا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی اے میرے پروردگار تو نے اس کو کیسے بخشا وہ تو بڑا بدکار آدمی تھا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا! اس نے ایک دن کتاب تورات میں میرے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک دیکھا اور درود پڑھا اسی وجہ سے میں نے اس کو بخش دیا ہے۔

امام شعرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ بعض علماء کرام کے نزدیک زیادہ درود پڑھنے کی کم از کم مقدار یہ ہے کہ روزانہ سات سو مرتبہ دن میں پڑھے اور سات سو مرتبہ ہر رات میں پڑھے۔

شیخ نورالدین الشونی رضی اللہ عنہ روزانہ دس ہزار بار درود پڑھتے تھے اور حضرت شیخ احمد الزواوی چالیس ہزار مرتبہ روزانہ درود پڑھتے تھے۔ مسلم شریف میں آتا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

مَنْ رَآنِیْ فِیْ مَنَامِهٖ فَسَیَرَانِیْ فِی الْیَقْظَةِ

''جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ مجھے بیداری میں دیکھے گا''

حضرت ابن ابی حمزہ، امام بارزی، امام یافعی اور تابعین کی ایک جماعت سے روایت ہے کہ انہوں نے آپ کو خواب میں دیکھا پھر اس کے بعد آپ کو بیداری میں دیکھا اور بہت سی پوشیدہ چیزوں کے بارے میں آپ سے پوچھا اور آپ نے چیزوں کی ان کو خبر دی بعد ازاں وہ اس طرح واقع ہوئیں جیسے آپ نے اطلاع دی۔

حضرت عبدالعزیز دباغ رضی اللہ عنہ کو بھی بیداری میں آپ کی زیارت حاصل ہوئی تھی۔ موصوف آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بعض مسائل پوچھتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے جوابات ارشاد فرماتے تھے۔ حضرت محمود الکروی رحمتہ اللہ علیہ کو بھی بیداری میں آپکی زیارت نصیب ہوئی تھی۔

حضرت امام غزالیؒ اپنی کتاب "المنقذ من الضلال" میں فرماتے ہیں۔ "اِنَّ اَرْبَابَ الْقُلُوْبِ فِیْ یَقْظَتِهِمْ قَدْ یُشَاهِدُوْنَ الْمَلَائِکَةَ وَاَرْوَاحَ الْاَنْبِیَاءِ وَیَسْمَعُوْنَ مِنْهُمْ اَصْوَاتًا وَیَقْتَبِسُوْنَ مِنْهُمْ" (بیشک عارفین بیداری میں کبھی کبھی فرشتوں کو اور انبیاء علیہم السلام کو دیکھتے ہیں اور ان کی آواز بھی سنتے ہیں اور ان سے فوائد حاصل کرتے ہیں)

شیخ عبدالحق محدث دھلوی کتاب ترغیب اہل السعادات میں لکھتے ہیں۔ "شب جمعہ شریف میں دو رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں گیارہ بار آیۃ الکرسی اور گیارہ بار قل ھو اللہ اور بعد سلام سو بار یہ درود شریف پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ جمعہ نہ گزرنے پائیں گے کہ زیارت نصیب ہوگی"۔ وہ درود شریف یہ ہے!

"اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ"

دیگر موصوف نے لکھا ہے کہ جو شخص دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں پچیس بار

قل ھو اللہ اور بعد سلام کے یہ درود شریف ہزار مرتبہ پڑھے دولتِ زیارت نصیب ہو وہ درود شریف یہ ہے!

"صَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ"

نیز شیخ موصوف نے لکھا کہ سوتے وقت ستر مرتبہ اس درود شریف کو پڑھنے سے دولت زیارت نصیب ہو۔

"اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعُرُوْسِ مَمْلَکَتِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَطَرِیْقِ شَرِیْعَتِكَ الْمُتَلَذِّذِ بِتَوْحِیْدِكَ اِنْسَانِ عَیْنِ الْوُجُوْدِ وَالسَّبَبِ فِیْ کُلِّ مَوْجُوْدٍ عَیْنِ اَعْیَانِ خَلْقِكَ الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُوْرِ ضِیَائِكَ صَلٰوةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَتَبْقٰی بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَهٰی لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ صَلٰوةً تُرْضِیْكَ وَتُرْضِیْهِ وَتَرْضٰی بِهَا عَنَّا یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ"

نیز شیخ نے اس درود شریف کو بھی سوتے وقت چند بار پڑھنا زیارت کیلئے لکھا ہے۔

"اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ وَرَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ وَرَبَّ الرُّکْنِ وَالْمَقَامِ اَبْلِغْ لِرُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّنَّا السَّلَامَ"

مگر شرط اس دولت کے حصول میں دل کا پُر شوق ہونا اور ظاہری اور باطنی گناہوں سے بچنا ہے۔

ان احادیث کے بیان میں کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کے لئے شفاعت فرمائیں گے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتے ہیں۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مؤذن اذان دینے لگے تو تم بھی اس طرح کہو جیسے وہ آذان کے کلمات پڑھے پھر مجھ پر درود پڑھو کیونکہ مجھ پر جو درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ پھر میرے لئے وسیلہ طلب کرو، وسیلہ بہت اونچا مقام ہے بہشت میں اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے کو حاصل ہوگا۔ جو مجھے حاصل ہوگا۔

جو شخص میرے لئے وسیلہ طلب کرے گا میں اس کیلئے شفاعت کروں گا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص آذان سن کر یہ دعا پڑھے میری شفاعت اس کیلئے واجب ہو جاتی ہے۔ آذان کے بعد کی دعا یہ ہے!

"اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَالشَّفَاعَةَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

اس میں بشارت ہے کہ اس درود پڑھنے والے کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔ کیونکہ آپ کی شفاعت سے کفار محروم ہوں گے اگر وہ ایماندار گنہگار ہوگا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے اس کے گناہ بخشے جائیں گے اور اگر وہ صالح ہوگا تو اس کے درجے بلند ہوں گے اور عرش کے سایہ میں ہوگا اس کا حساب و کتاب نہ ہوگا اور وہ جنت میں جلدی داخل ہوگا۔ حُسن خاتمہ کے دیگر اسباب استقامت و دوام ذکر اور اس دعا کا ہمیشہ پڑھنا۔ دعا یہ ہے!

"اَللّٰهُمَّ اَكْرِمْ هٰذِهِ الْاُمَّةَ الْمُحَمَّدِيَّةَ بِجَمِيْلِ

عَوَائِدِكَ فِى الدَّارَيْنِ اِكْرَامًا لِمَنْ جَعَلْتَهَا مِنْ اُمَّتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ"

اور سید الاستغفار صبح و شام تین تین بار پڑھنا وہ یہ ہے۔

"اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِىْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَىَّ وَاَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِىْ فَاغْفِرْلِىْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ"

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رات میں نے ایک شخص کو خواب میں پل صراط پر گرتا پڑتا دیکھا اس کے پاس مجھ پر درود شریف پڑھنے والا عمل آیا اور اس کو سیدھا کر دیا یہاں تک کہ وہ پل صراط سے عافیت کے ساتھ گزر گیا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی مجلسوں کو مجھ پر درود پڑھنے سے زینت دیا کرو۔ کیونکہ تمہارا یہ درود قیامت کے دن تمہارے لئے نور ہوگا۔ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی کتاب میں مجھ پر درود لکھے گا فرشتے اس کیلئے استغفار کرتے رہیں گے۔ جب تک میرا نام کتاب میں رہے گا۔

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ جس شخص کو اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت مانگنی ہو پہلے وہ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھے پھر اپنی حاجت کی دعا مانگے تو وہ دعا قبول ہوگی۔

حضرت ابو سلیمان الدارانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے کوئی سوال کرنا چاہے تو اس کو چاہیے کہ پہلے درود شریف پڑھے پھر اپنی حاجت کا سوال کرے پھر آخر میں درود شریف پڑھے۔ اللہ تعالیٰ درود کو یقیناً قبول فرماتا ہے جب وہ اول و

آخر درود کو قبول فرمائے گا تو درمیان سے اس کی حاجت کو رد کرنا اس کی شان کریمی کے شایانِ شان نہیں۔ حضرت الحافظ ابن الصلاح فرماتے ہیں جب بھی آپ کا نام لکھو تو ساتھ درود وسلام ضرور لکھو۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ درود پڑھتا ہے!

"جَزَی اللّٰهُ عَنَّامُحَمَّدًا مَّاهُوَ اَهْلُهٗ"

ستر کاتب ہزار دن تک اس کا ثواب نہیں لکھ سکتے۔

حضرت ابو المواہب شاذلی قدس سرہٗ نے فرمایا میں ہزار بار درود روزانہ پڑھتا تھا تو جلدی جلدی پڑھنا شروع کر دیا تو مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! "اے شاذلی تجھے معلوم نہیں جلدی شیطان کی طرف سے ہوتی ہے پھر فرمایا آہستگی اور ترتیب سے یوں پڑھو"

"اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنَا وَعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ"

البتہ اگر وقت کم ہو تو جلدی پڑھنے میں حرج نہیں۔ نیز یہ بھی فرمایا جب درود پڑھنے لگو تو بہتر یہ ہے اول و آخر درود تامہ پڑھ لیا کرو۔ درود تامہ یہ ہے!

"اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنَا وَعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ فِی الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ"

ابو ذرعہ کو موت کے بعد حضرت بن عبد اللہ نے خواب میں دیکھا کہ آسمان پر فرشتوں کی امامت کرتا ہے۔ یعنی فرشتوں کو نماز پڑھاتا ہے۔ اس نے پوچھا اے ابو ذرعہ یہ درجہ تو نے کیسے حاصل کر لیا؟ فرمایا! میں نے اپنے ہاتھ سے دس لاکھ احادیث لکھی ہیں اور ہر

بار سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی کے ساتھ درود لکھا اور سید سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے مجھ پر ایک بار درود پڑھا اللہ تعالیٰ اس پر دس بار درود بھیجتا ہے۔

ھناد ابن ابراہیم نسفی نے بیان کیا کہ میں نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف سے کچھ منقبض ہیں میں نے اپنا ہاتھ آگے بڑھا کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ مبارک کو بوسہ دیا اور عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اصحاب حدیث سے ہوں اور غریب ہوں یہ سن کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تبسم فرمایا اور فرمایا کہ جب تو مجھ پر درود پڑھتا ہے تو سلام کیوں چھوڑ دیتا ہے اس کے بعد جب درود لکھتا ہوں تو پورا صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ لکھتا ہوں۔

چھٹی فصل

ان احادیث کے بیان میں جن میں درود چھوڑنے پر وعید آئی ہے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیا جائے اور اس کے مناسب دیگر روایات کا بیان:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

"مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ أَخْطَأَ طَرِيقَ الْجَنَّةِ"

"جس شخص کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے تو وہ جنت کا راستہ بھول گیا"

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

"لَا يَرَى وَجْهِي ثَلَاثَةُ أَنْفُسٍ اَلْعَاقُّ لِوَالِدَيْهِ وَتَارِكُ سُنَّتِي وَمَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ إِذَا ذُكِرْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ"

"رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! تین شخص زیارت سے محروم ہوں گے۔ ایک اپنے والدین کا نافرمان، دوسرا میری سنت کا چھوڑنے والا، تیسرا وہ شخص جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود شریف نہ پڑھے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جو لوگ کسی مجلس میں بیٹھتے ہیں اور اس مجلس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہیں پڑھتے تو وہ اگرچہ جنت میں داخل ہو بھی گئے تو پھر بھی ان پر حسرت طاری ہوگی۔ جب درود پڑھنے والوں کا ثواب دیکھیں گے۔

اُم المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سحری کے وقت کوئی چیز سوئی سے سی رہیں تھیں اُن کی سوئی گم ہوگئی اور چراغ بھی بجھ گیا اس وقت آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم باہر سے اندر داخل ہوئے تو آپ کی چمک اور نور سے تمام گھر روشن ہوگیا اور روشنی سے حضرت

عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اپنی سوئی مل گئی۔

حضرت عائشہ نے عرض کیا! **"مَا ضَوْءُ وَجْهِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ"**

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! **"وَيْلٌ لِمَنْ لَا يَرَانِي يَوْمَ الْقِيٰمَةِ"**

ہلاکت ہے اس بندے کیلئے جو قیامت کے دن مجھے نہ دیکھ سکے گا۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کون ہے جو آپکو نہ دیکھ سکے گا؟ فرمایا وہ بخیل ہے۔ عرض کیا بخیل کون ہے؟ فرمایا جس نے میرا نام مبارک سنا اور مجھ پر درود نہ پڑھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں فرمایا!

"مَا مِنْ دُعَاءٍ إِلَّا بَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَآءِ حِجَابٌ حَتّٰى يُصَلِّي عَلَيَّ فَإِذَا صَلّٰى عَلَيَّ اِنْخَرَقَ الْحِجَابُ وَصَعِدَ الدُّعَآءُ"

کوئی دعا اس وقت تک آسمانوں کی طرف نہیں چڑھتی جب دعا مانگنے والا مجھ پر درود نہ پڑھے۔ جب وہ درود پڑھ لیتا ہے تو اس کی دعا قبولیت کے مقام پر پہنچ جاتی ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

"مَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ فَلَا دِينَ لَهُ"

"جس شخص نے مجھ پر درود نہ پڑھا اس کا کوئی دین نہیں ہے"

حضرت ابو طاہر رضی اللہ عنہ نے خواب میں دیکھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا چہرا دوسری طرف پھیر لیا۔ ابو طاہر کے عرض کرنے پر فرمایا کہ تو کتاب میں جب میرا ذکر کرتا ہے تو مجھ پر درود نہیں لکھتا۔ شیخ ابو طاہر فرماتے ہیں اس دن سے جب بھی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک کسی کتاب میں لکھتا ہوں تو ساتھ یہ لکھتا ہوں۔

"صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيمًا كَثِيرًا كَثِيرًا"

ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا مگر نبی اکرم صلی اللہ

علیہ وسلم نے اس کی طرف توجہ نہ فرمائی۔ اس کے عرض کرنے پر فرمایا تم مجھ پر درود نہیں پڑھتے اور میری عنایت اس پر ہوتی ہے جو مجھ پر درود پڑھتا ہے۔ جب وہ شخص بیدار ہوا تو بڑے شوق ومحبت سے درود پڑھتا رہا۔ ایک دن پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ بہت خوش ہیں اور فرماتے ہیں قیامت کے دن میں تیری شفاعت کا ضامن ہوں لیکن درود نہ چھوڑنا۔

ساتویں فصل

ان بعض فوائد ومنافع کا بیان ہے جو درود شریف پڑھنے والے کو دنیا اور آخرت میں حاصل ہوتے ہیں۔

حضرت ابن فرحون قرطبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھنے سے دس نعمتیں حاصل ہوتی ہیں۔

1. اللہ تعالیٰ درود پڑھنے والے پر رحمتیں نازل فرماتا ہے۔
2. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی شفاعت فرمائیں گے۔
3. قدسی فرشتوں کی پیروی اور اقتداء حاصل ہوتی ہے۔
4. درود پڑھنے میں منافقین اور کفار کی مخالفت ہے۔
5. اس کے تمام گناہ اور خطائیں معاف کردی جاتی ہیں۔
6. اس کی تمام مرادیں پوری ہوجاتی ہیں۔
7. اس کو ظاہر اور باطن کی صفائی نصیب ہوتی ہے۔
8. دوزخ کے عذاب سے نجات حاصل ہوگی۔
9. جنت میں داخلہ نصیب ہوگا۔
10. اللہ تعالیٰ اس پر سلام فرمائے گا۔

درود شریف پڑھنا عبادت ہے اور سب عبادتوں سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب ترین عبادت ہے۔ جس مجلس میں درود پڑھا جاتا ہے اس کو زینت حاصل ہوتی ہے۔ درود سے محتاجی دور ہوتی ہے اور خوشحالی حاصل ہوتی ہے۔ دل سے زنگ دور ہوجاتا ہے دل منافقت سے پاک رہتا ہے دشمنوں پر غلبہ نصیب ہوتا ہے درود بھیجنے کا فائدہ بھیجنے والے کو بھی حاصل ہوتا ہے۔ حضرت امام شعرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ابوالعباس الخضر علیہ السلام نے حکم

کیا کہ درود شریف صبح کے بعد طلوع آفتاب تک پڑھا کرو، پھر اس کے بعد اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا کرو۔ امام شعرانی فرماتے ہیں مجھے اور میرے احباب کو اس طرح درود شریف کا عمل کرنے سے دنیا اور آخرت کی بیشمار خوبیاں اور بھلائیاں حاصل ہوئیں اور رزق میں فراخی نصیب ہوئی۔

حضرت الفاسی شرح دلائل الخیرات میں فرماتے ہیں جو شخص اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا چاہے تو درود شریف اس کیلئے بہترین وسیلہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا **"وَابتَغُوا اِلَیهِ الوَسِیلَةَ"** اللہ تعالیٰ کی طرف وسیلہ تلاش کرو اور کوئی وسیلہ اللہ تعالیٰ کی طرف اس کے رسول کریم رؤف رحیم سے زیادہ قریب اور بڑھ کر نہیں ہے۔

مَولَایَ صَلِّ وَسَلِّم دَائِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیبِكَ خَیرِ الخَلقِ کُلِّهِم

اللہ تعالیٰ کی ہمارے اوپر بے شمار نعمتیں ہیں وہ انعامات دینے والا اللہ تعالیٰ ہے اور تقسیم کرنے والے اس کے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ لہذا نعمتیں دینے والے کا شکریہ کرنا بھی ہم پر لازم ہے۔ تو ہمارے اوپر لازم ہے کہ ہم ان نعمتوں کے شکریہ کے طور پر ہمیشہ آپ پر درود و سلام پڑھتے رہیں۔ جو شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت درود پڑھتا ہے اس کی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم خود تربیت فرماتے ہیں۔ دیگر کسی مربی کو اس کو حاجت نہیں رہتی۔

بعض عارفین نے فرمایا! بکثرت درود پڑھنے کے پاس سکرات موت کے وقت آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آتے ہیں اور آپ کی برکت سے اس پر آسانی ہو جاتی ہے۔ اور "**مابعد الموت**" جو جو نعمتیں اللہ تعالیٰ نے اس کیلئے تیار فرمائی ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی بشارت اس کو دیتے ہیں۔ کثرت سے درود شریف کا ایک

فائدہ یہ بھی ہے کہ اس سے پیاس کی شدت زائل ہو جاتی ہے خواہ بخار کیوجہ سے ہو یا سفر میں پانی نہ ملنے کی وجہ سے ہو شدت پیاس کو زائل کرنے کیلئے یہ درود مجرب ہے۔

"اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ المَبعُوثِ اِلَینَا بِالحَقِّ المُبِینِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الاُمِّیِّ الاَمِینِ"

درود شریف پڑھنے سے بھولی ہوئی چیز یاد آ جاتی ہے۔ جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن درود پڑھنے والے کی سو حاجتیں پوری ہوتی ہیں ستر آخرت کی اور تیس دنیا کی۔ درود پڑھنے سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دل میں محبت زیادہ ہوتی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جس نے کتاب میں میرے نام کے ساتھ درود شریف لکھا فرشتے اس کیلئے بخشش کی دعائیں کرتے رہیں گے۔ جب تک میرا نام اس کتاب میں رہے گا۔

"صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی حَبِیبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ"

مسطح نامی جو کہ آزاد طبع خواہشات پرست تھا جب فوت ہو گیا تو اس کو ایک صالح نے خواب میں دیکھا پوچھا کیا حال ہے اس نے جواب دیا اللہ تعالیٰ نے مجھے بخش دیا ہے صالح نے وجہ پوچھی تو بتایا کہ میں نے ایک محدث کے پاس حدیث پڑھی محدث نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی پر درود پڑھا میں نے بھی بلند آواز سے درود پڑھا۔ دوسرے اہل مجلس نے درود سن کر درود پڑھا تو اللہ تعالیٰ نے درود کی برکت سے ہم سب کو بخش دیا۔

نزہۃ المجالس میں ایک بزرگ فرماتے ہیں میں بہار کے موسم میں باہر گیا اور اس طرح درود پڑھا یا اللہ! درود بھیج اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درختوں کے پتوں کے برابر، یا اللہ! درود بھیج اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر پھولوں اور پھلوں کے برابر یا اللہ!

درود بھیج اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر سمندر کے قطروں کے برابر یا اللہ! درود بھیج اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ریگستان کی ریت کے ذروں کے برابر جو سمندر میں ہیں یا خشکی میں ہیں۔ تو غیب سے آواز آئی اے خدا کے بندے تو نے نیکیاں لکھنے والے فرشتوں کو قیامت تک تھکا دیا اور اپنے پروردگار سے جنت عدن کا حقدار ہوا اور وہ بہت اچھا گھر ہے۔

ایک بزرگ نے نماز پڑھی اور تشہد میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا بھول گئے رات کو خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! اے میرے امتی تو نے میرے اوپر نماز میں درود کیوں نہیں پڑھا۔ عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم درود یاد نہیں رہا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو نے میری یہ حدیث نہیں سنی کہ تمام نیکیاں، عبادتیں، دعائیں روک دی جاتی ہیں جب تک مجھ پر درود نہ پڑھا جائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آگاہ رہو اگر بندہ قیامت کے دن دربار الٰہی میں تمام جہاں والوں کی نیکیاں لے کر حاضر ہو جائے اور ان نیکیوں میں مجھ پر درود نہ پڑھا ہوا شامل ہوا تو تمام نیکیاں اس کے منہ پر ماری دی جائیں گی ان میں سے ایک بھی قبول نہیں ہوگی۔

صیغه هائے درُود و سلام و فضائل

افضل الصلوات علی سید السادات

واحسن منک لم تر قط عینی — واجمل منک لم تلد النساء
خلقت مبرا من کل عیب — کانک قد خلقت کما تشاء

سید و سرور محمد ﷺ نور جان — مهتر و بهتر شفیع مجرمان
از درم ها نام شاهان بر کنند — نام احمد ﷺ تا ابد بر می زند

نسیما جانب بطحاء گزر کن — ز احوالم محمد ﷺ را خبر کن
توئی سلطان عالم یا محمد ﷺ — ز روئے لطف سوئے من نظر کن

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○

درود شریف نمبر 1: (درود ابراھیمی)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعَالَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ" مَّجِیْدٌ"○

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اس درود شریف کو پڑھے گا میں قیامت کے دن اس کے ایماندار ہونے کی گواہی دونگا اور اس کی شفاعت کروں گا۔

بعض علمائے کرام نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اس درود شریف کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا اس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔ امام احمد بن حجر نے فرمایا کہ محمد سے پہلے سیدنا کا لفظ پڑھنا چاہیے اور ادب کا تقاضا بھی یہی ہے۔

علمائے کرام نے فرمایا کہ درود شریف کو تمام صیغوں سے ان الفاظ کے ساتھ درود شریف پڑھنا افضل ہے کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم نے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے درود کے متعلق سوال کیا تو آپ نے یہی درود شریف صحابہ کرام کو سکھایا، معلوم ہوا یہ تمام درود کے صیغوں سے افضل ہے نماز میں تو یہ درود شریف متعین ہے اس کو پڑھنا چاہیے۔ ایک مرتبہ صحابہ کرامؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا "فَکَیْفَ نُصَلِّیْ عَلَیْکَ اِذَا نَحْنُ صَلَّیْنَا فِیْ صَلٰوتِنَا" جب ہم نماز پڑھیں تو آپ پر اپنی نماز میں درود شریف کس طرح پڑھیں۔ تو اس پر آپ نے درود ابراہیمی کی تعلیم دی معلوم ہوا کہ نماز میں درود ابراہیمی پڑھا جائے اور نماز کے علاوہ درود و سلام بھی پڑھا جائے آیت پر عمل ہو جائیگا کیونکہ آیت "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ" الآیۃ میں درود و سلام پڑھنے کا حکم ہوا یہ مطلق ہے

اس میں کسی زبان یا صیغہ کی کوئی پابندی نہیں۔ البتہ جو الفاظ درود و سلام کے صحیح حدیثوں سے ثابت ہیں ان کے ساتھ درود و سلام پڑھنا افضل ہوگا غیر منقول درود و سلام کے پڑھنے سے بھی آیت پر عمل ہوگا خواہ یہ درود و سلام عربی میں پڑھنے یا فارسی میں یا اردو میں یا کسی اور زبان میں خواہ بیٹھ کر پڑھے یا کھڑے ہو کر خواہ خطاب کر کے "اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ" کہیا "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ" یا "صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ" سب الفاظ سے درود شریف پڑھنا آیت کے اطلاق میں داخل ہے۔

درود شریف نمبر 2:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِہٖ وَ ذُرِّیَّتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِہٖ وَ ذُرِّیَّتِہٖ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ" مَّجِیْدٌ"○

امام محی الدین نووی رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف تمام درودوں سے افضل ہے کیونکہ یہ صحیح سند کیساتھ بخاری شریف اور مسلم شریف میں وراد ہے۔

درود شریف نمبر 3:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِی الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِی الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ كَمَا يَلِيْقُ بِعَظِيْمِ شَرَفِهٖ وَكَمَالِهٖ وَرِضَاكَ عَنْهُ وَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَهٗ دَائِمًا اَبَدًا بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَرِضَا نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ اَفْضَلَ صَلٰوةٍ وَاَكْمَلَهَا وَاَتَمَّهَا كُلَّمَا ذَكَرَكَ وَذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ وَذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَذٰلِكَ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ ○

علامہ ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف تمام مروی کیفیات درود کا جامع ہے دیگر استنباط شدہ کیفیات بھی اس میں موجود ہیں لہٰذا اس درود کو بکثرت پڑھنا چاہیے خاص طور پر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں حاضری کے وقت۔

درود شریف نمبر 4: (درود شہادت)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ۨالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓی اٰلِ

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَّعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدِ ۨالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ وَتَرَحَّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ وَتَحَنَّنْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

حضرت امام شعرانی نے فرمایا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ میرے اوپر درود پڑھو تو یہ درود پڑھا کرو اور امام شعرانی نے کہا کہ اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس درود کے الفاظ کو جبرائیل نے میرے ہاتھ میں شمار کیا اور جبرائیل کے ہاتھ میں میکائیل نے شمار کیا اور ان کے ہاتھ میں خداوند کریم جل جلالہ نے شمار کیا۔

پھر جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو یہ درود پڑھے گا۔ قیامت کے دن میں اس کے ایماندار ہونے کی گواہی دوں گا اور اس کے لئے شفاعت کروں گا۔

کشف الغمه اور **شفا شریف** میں اس کی سند یوں مذکور ہے۔

علی بن الحسین عن ابیه الحسین عن علی ابن ابی طالب

درود شریف نمبر 5:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ مِنْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ○

حضرت رویفع ابن ثابت رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے یہ درود پڑھا اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگی۔

درود شریف نمبر 6:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِهٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِهٖ فِی الْقُبُوْرِ○

سید دو عالم شفیع معظم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے یہ درود شریف پڑھا، مجھے خواب میں دیکھے گا اور جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ قیامت کے دن مجھے دیکھے گا اور جس نے قیامت کے دن مجھے دیکھا میں اس کی شفاعت کروں گا اور وہ حوض کوثر سے سیراب ہوگا۔ اور اُس کا جسم دوزخ پر حرام ہو جائیگا۔ امام فاکھانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خواب مین زیارت کرنے کیلئے ستر ۷۰ مرتبہ اس درود شریف کو پڑھنا چاہیئے اس درود شریف کا پڑھنا سوتے وقت زیارت کیلئے مجرب ہے۔

درود شریف نمبر 7: (درود نایاب)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ فِی

الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَفِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی يَوْمِ الدِّيْنِ○

امام شعرانی نے روایت نقل فرمائی ہے کہ ایک دن ایک شخص نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر سلام کیا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قریب بٹھایا یہاں تک کہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے بھی زیادہ قریب حاضرین مجلس کو تعجب ہوا تو جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ شخص میرے اوپر ایسا درود پڑھتا ہے اس سے پہلے کسی نے نہیں پڑھا۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے پوچھا یہ کونسا درود پڑھتا ہے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ درود ذکر فرمایا۔

درود شریف نمبر 8: (درود شفاعت)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضَاءً وَّلِحَقِّهٖ اَدَاءً وَّاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْمَقَامَ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ○

امام شعرانی نے اس درود شریف کی فضیلت میں یہ حدیث ذکر فرمائی کہ جو شخص یہ درود پڑھے گا اس کے لئے میری شفاعت واجب ہے۔

درود شریف نمبر 9:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ○

سیدالمرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو خیرات کرنے کی طاقت نہ ہوتو وہ اپنی دعا میں یہ درود شریف پڑھے یہ درود اس کیلئے صفائی کا موجب اور خیرات کے قائم مقام ہوجائیگا اور ایماندار کبھی بھلائی سے غافل نہیں ہوتا۔ یہاں تک کہ جنت میں پہنچ جاتا ہے۔ امام شعرانی فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو ایک جماعت نے ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے۔

درود شریف نمبر 10: (درود محبت)

صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ٥

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے یہ درود پڑھا اس نے اپنے اوپر ستر دروازے رحمت کے کھول دیئے اور اللہ تعالیٰ اس کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈال دے گا اس کے ساتھ کوئی شخص عداوت نہیں رکھے گا مگر وہ جس کے دل میں منافقت ہو۔ امام سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میں نے خضر و الیاس علی نبینا وعلیہم السلام سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان "صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ" پڑھتا ہے اس کے ساتھ لوگ محبت کرتے ہیں اگرچہ پہلے ان کو اس سے عداوت ہی کیوں نہ ہو اور اس سے اللہ تعالیٰ بھی محبت کرتا ہے۔

علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ بسند امام سمرقندی ذکر فرماتے ہیں کہ ایک شخص شامی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میرا باپ بہت بوڑھا ہے اور وہ آپکی زیارت کرنا چاہتا ہے آپ نے فرمایا اس کو میرے پاس لاؤ اس شخص نے عرض کیا

وہ تو اندھا ہے آپ نے فرمایا اس کو کہو ایک ہفتہ تک رات کو یہ پڑھے "صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ" وہ مجھے نیند میں دیکھ لے گا اور مجھ سے حدیث بھی روایت کرے گا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

درود شریف نمبر 11: (درود بخشش)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِهٖ وَسَلِّمْ٥

حضرت انس ابن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت کی کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ درود شریف کھڑے ہو کر پڑھے گا تو بیٹھنے سے پہلے اس کی بخشش ہو جائے گی اور بیٹھ کر پڑھے گا تو کھڑے ہونے سے پہلے اس کی بخشش ہو جائیگی۔

درود شریف نمبر 12: (درود افضل)

اَللّٰهُمَّ یَارَبَّ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَاَعْطِ مُحَمَّدًا اَلدَّرَجَةَ وَالْوَسِیْلَةَ فِی الْجَنَّةِ٥ اَللّٰهُمَّ یَارَبَّ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ اِجْزِ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَاهُوَ اَهْلُهٗ٥

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح و شام یہ درود پڑھے اس کا ثواب ستر کاتب ہزار دن تک بھی نہیں لکھ سکتے اور پڑھنے والے کے والدین کو بھی بخش دیا جاتا ہے۔ حضرت مجد دین فیروز آبادی فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص قسم اٹھالے کہ میں سب سے

افضل درود پڑھوں گا تو اس کو یہ درود پڑھنا چاہیئے۔

درود شریف نمبر 13: (درود زیارتِ حبیب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ ۝

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ درود شریف جمعہ کے دن 80 مرتبہ پڑھ لے اس کے 80 سال کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔

العارف المری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جو شخص روزانہ اس درود شریف کو پانچ سو مرتبہ پڑھے اس کو مرنے سے پہلے بیداری کی حالت میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار نصیب ہوگا۔

امام یافعی رحمتہ اللہ علیہ نے ایک حدیث اس درود شریف کی فضیلت میں ذکر فرمائی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کے دن ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے گا اس کو خواب میں خداوند کریم کا دیدار نصیب ہوگا یا اس کے حبیب پاک صاحب لولاک صلی اللہ علیہ وسلم کا یا پھر وہ جنت میں اپنی جگہ دیکھ لے گا اور اس وظیفہ کو پانچ جمعہ تک کرنا چاہیئے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو شخص جمعہ کی رات میں دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ آیۃ الکرسی ایک مرتبہ اور سورۃ اخلاص پندرہ مرتبہ نماز کے بعد ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اس کو خواب میں میرا دیدار نصیب ہوگا۔ دوسرا جمعہ آنے سے پہلے وہ جنتی ہو جائیگا اور اس کے تمام گناہ بخشے جائیں گے۔

درود شریف نمبر 14: (درود حاجات)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَهْلِ بَيْتِهٖ ۝

حدیث شریف میں آتا ہے جو شخص یہ درود ہر دن میں سو مرتبہ پڑھے اس کی سو حاجتیں اللہ تعالیٰ پوری کر دیتے ہیں۔ 30 دنیا اور 70 آخرت کی۔

درود شریف نمبر 15: (درود رفع الذنوب والخطایا)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِيْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِيْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی النَّبِيِّيْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِيْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی يَوْمِ الدِّيْنِ ۝

حضرت سعید ابن عطار رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو شخص صبح کو تین مرتبہ اور شام کو تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھتا رہے اس کے گنا بخش دیئے جائیں گے اور غلطیاں معاف ہو جائیں گی اور وہ شخص ہمیشہ خوش رہے گا اور دعا قبول ہوگی اور آرزوئیں پوری ہونگی اور دشمنوں پر اس کو غلبہ نصیب ہوگا۔

درود شریف نمبر 16: (درود اہلِ بیتِ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ)

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اٰمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيْمًا لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ رَبِّيْ وَسَعْدَيْكَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ اَلْبَرِّ الرَّحِيْمِ وَالْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَالنَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَمَا سَبَّحَ لَكَ مِنْ شَيْءٍ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَسَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَلشَّاهِدِ الْبَشِيْرِ الدَّاعِيْ اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ ○

یہ درود شریف ''شفا شریف'' میں حضرت سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے نقل کیا گیا ہے۔

درود شریف نمبر 17: (درود سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰهُمَّ دَاحِيَ الْمَدْحُوَّاتِ وَبَارِئَ الْمَسْمُوْكَاتِ اِجْعَلْ شَرَائِفَ صَلَوَاتِكَ وَنَوَامِيَ بَرَكَاتِكَ وَرَاْفَةَ تَحَنُّنِكَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالْمُعْلِنِ الْحَقِّ وَالدَّامِغِ لِجَيْشَاتِ الْاَبَاطِيْلِ كَمَا حُمِّلَ فَاضْطَلَعَ بِاَمْرِكَ بِطَاعَتِكَ مُسْتَوْفِزًا فِيْ مَرْضَاتِكَ وَاعِيًا لِوَحْيِكَ حَافِظًا لِعَهْدِكَ مَاضِيًا عَلٰى نَفَاذِ اَمْرِكَ حَتّٰى اَوْرٰى قَبَسًا لِقَابِسٍ آلَآءَ اللّٰهِ تَصِلُ بِاَهْلِهٖ اَسْبَابُهٗ بِهٖ هُدِيَتِ الْقُلُوْبُ بَعْدَ خَوْضَاتِ الْفِتَنِ وَالْاِثْمِ وَاَبْهَجَ

مُوْضِحَاتِ الْاَعْلَامِ وَنَائِرَاتِ الْاَحْكَامِ وَمُنِيْرَاتِ الْاِسْلَامِ فَهُوَ اَمِيْنُكَ الْمَاْمُوْنُ وَخَازِنُ عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ وَشَهِيْدُكَ يَوْمَ الدِّيْنِ وَبَعِيْثُكَ نِعْمَةً وَرَسُوْلُكَ بِالْحَقِّ رَحْمَةً ○ اَللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهٗ فِيْ عَدْنِكَ وَاَجْزِهٖ مُضَاعَفَاتِ الْخَيْرِ مِنْ فَضْلِكَ مُهَنَّئَاتٍ لَهٗ غَيْرَ مُكَدَّرَاتٍ مِنْ فَوْزِ ثَوَابِكَ الْمَحْلُوْلِ وَجَزِيْلِ عَطَائِكَ الْمَعْلُوْلِ ○ اَللّٰهُمَّ اَعْلِ عَلٰى بِنَاءِ النَّاسِ بِنَآءَهٗ وَاَكْرِمْ مَثْوَاهُ لَدَيْكَ وَنُزُلَهٗ وَاَتْمِمْ لَهٗ نُوْرَهٗ وَاجْزِهٖ مِنْ اُبْتِعَاثِكَ لَهٗ مَقْبُوْلَ الشَّهَادَةِ وَمَرْضِيَّ الْمَقَالَةِ ذَا مَنْطِقٍ عَدْلٍ وَّخُطَّةٍ فَصْلٍ وَّبُرْهَانٍ عَظِيْمٍ ○

اس درود شریف کو قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے شفا شریف میں ذکر فرمایا اور امام محمد سلیمان جزولی نے دلائل الخیرات شریف میں ذکر فرمایا اور علامہ قسطلانی نے مواہب میں سلامۃ الکندی سے روایت کیا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ دعا اور درود لوگوں کو سکھاتے تھے۔

درود شریف نمبر 18: (درود حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ)

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ ○ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ يَغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ

درود شریف نمبر 21: (درود جمعۃ المبارک)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضَآءً وَّلِحَقِّهٖ اَدَآءً وَاَعْطِهِ الْوَسِیْلَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَاهُوَ اَهْلُهٗ وَاجْزِهٖ اَفْضَلَ مَاجَازَیْتَ نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَصَلِّ عَلَیْهِ وَعَلٰی جَمِیْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالصَّالِحِیْنَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ○

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اس درود شریف کو جمعہ کے دن سات مرتبہ پڑھنا چاہیے اور اس کی فضیلت میں یہ روایت نقل فرمائی۔ کہ جو شخص جمعے کے دن اس درود شریف کو سات جمعے سات مرتبہ پڑھتا رہے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کی شفاعت لازم ہو جائیگی۔

درود شریف نمبر 22: (درود حوض کوثر)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَاَصْهَارِهٖ وَاَنْصَارِهٖ وَاَشْیَاعِهٖ وَمُحِبِّیْهِ وَاُمَّتِهٖ وَعَلَیْنَا مَعَهُمْ اَجْمَعِیْنَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ○

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض کوثر سے پورے طور پر سیراب ہونا چاہتا ہے اس کو چاہیئے کہ وہ یہ درود پڑھے۔

درود شریف نمبر 23: (درود اُم المومنین جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنھا)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِیِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ وَسَلِّمْ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَا نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ○

علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ اور امام حجر عسقلانی کے نزدیک یہ تمام درودوں سے افضل ہے۔ علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو افضل درود پڑھنے کی قسم اٹھائے اس کی قسم اس درود کو پڑھنے سے پوری ہو جائیگی۔ حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ اس درود پڑھنے والے کو اس قدر ثواب ملے گا جس قدر اس میں تعداد مذکور ہے۔ اس لحاظ سے یہ بڑا جامع درود ہے۔

اس درود کی کیفیت ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث تسبیح والی کیفیت سے ماخوذ ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کے گھر سے صبح کی نماز کے بعد باہر تشریف لے گئے اور وہ اس وقت سبحان اللہ سبحان اللہ پڑھ رہی تھیں چاشت کے وقت جب آپ واپسی پر تشریف لائے تو وہ بدستور تسبیح میں مشغول تھی۔ آپ نے پوچھا کہ تو اس وقت سے ابتک تسبیح پڑھتی رہی اس نے عرض کی ہاں آپ نے فرمایا میں نے تیرے بعد چار کلمے تین مرتبہ پڑھے ہیں اور ان کو تیری تمام تسبیحات سے وزن کیا جائے تو وہ چار کلمے ثواب میں بڑھ جائیں گے۔ وہ چار کلمے یہ تھے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ اسی درود شریف میں بھی ہے۔

وَالآخِرُوْنَ○

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جب جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھو تو بہترین طریقہ سے پڑھو شاید تمہارا درود آپ پر پیش کیا جائے پھر آپ نے یہ درود ذکر فرمایا۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب میرے اوپر درود پڑھو تو اچھے طریقے سے پڑھو شاید تمہارا درود میرے سامنے پیش ہو۔ پھر آپ نے یہ درود پڑھنے کا حکم فرمایا۔

درود شریف نمبر 19: (درود فضیلت)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ الصَّلٰوۃِ شَیْءٌ وَّ ارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّآلَ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَایَبْقٰی مِنَ الرَّحْمَۃِ شَیْءٌ وَّبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَایَبْقٰی مِنَ الْبَرَکَۃِ شَیْءٌ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَایَبْقٰی مِنَ السَّلَامِ شَیْءٌ○

یہ درود ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے ایک شخص نے یہ درود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پڑھا اور اس کو بڑی فضیلت وخوبی حاصل ہوئی۔

درود شریف نمبر 20: (درود امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ)

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فَضَائِلَ صَلَوَاتِکَ وَنَوَامِیَ بَرَکَاتِکَ وَشَرَائِفَ زَکَوَاتِکَ وَرَأْفَتَکَ وَرَحْمَتَکَ وَتَحِیَّتَکَ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَخَاتِمِ النَّبِیّٖنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ قَائِدِ الْخَیْرِ وَفَاتِحِ الْبِرِّ وَنَبِیِّ الرَّحْمَۃِ وَسَیِّدِ الْاُمَّۃِ○ اَللّٰھُمَّ ابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا تُزْلِفُ بِہٖ قُرْبَہٗ وَتُقِرُّ بِہٖ عَیْنَہٗ یَغْبِطُہُ الْاَوَّلُوْنَ وَالْآخِرُوْنَ○ اَللّٰھُمَّ اَعْطِہِ الْفَضْلَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالشَّرَفَ وَالْوَسِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَالْمَنْزِلَۃَ الشَّامِخَۃَ الْمُنِیْفَۃَ○ اَللّٰھُمَّ اَعْطِ سَیِّدَنَا مُحَمَّدًا سُؤَالَہٗ وَبَلِّغْہُ مَاْمُوْلَہٗ وَاجْعَلْہُ اَوَّلَ شَافِعٍ وَّاَوَّلَ مُشَفَّعٍ○ اَللّٰھُمَّ عَظِّمْ بُرْھَانَہٗ وَثَقِّلْ مِیْزَانَہٗ وَاَبْلِجْ حُجَّتَہٗ وَارْفَعْ فِیْ اَعْلَی الْمُقَرَّبِیْنَ دَرَجَتَہٗ○ اَللّٰھُمَّ احْشُرْنَا فِیْ زُمْرَتِہٖ وَاجْعَلْنَا مِنْ اَھْلِ شَفَاعَتِہٖ وَاَحْیِنَا عَلٰی سُنَّتِہٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰی مِلَّتِہٖ وَاَوْرِدْنَا حَوْضَہٗ وَاَسْقِنَا بِکَاسِہٖ غَیْرَ خَزَایَا وَلَا نَادِمِیْنَ وَلَا شَاکِّیْنَ وَلَا مُبَدِّلِیْنَ وَلَا فَاتِنِیْنَ وَلَا مَفْتُوْنِیْنَ○ آمِیْنَ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ○

یہ حقیقت میں دو درود ہیں۔ امام غزالی نے اپنی کتاب احیاء العلوم میں ذکر فرمایا کہ علامہ موصوف کا ان درودوں کو انتخاب کرنا دلالت کرتا ہے یہ اُن کے نزدیک افضل ہیں۔

درود شریف نمبر 24: (درود ہزارہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَآءِ الرَّحْمَةِ وَمِیْمِ الْمُلْكِ وَدَالِ الدَّوَامِ اَلسَّیِّدُ الْکَامِلُ الْفَاتِحُ الْخَاتِمُ عَدَدَ مَافِیْ عِلْمِكَ کَائِنٌ" اَوْ قَدْ کَانَ کُلَّمَا ذَکَرَكَ وَذَکَرَهُ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِكَ وَذِکْرِهِ الْغَافِلُوْنَ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ بَاقِیَةً بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَهٰی لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ"○

ایک مرتبہ اس درود کو پڑھنے سے لاکھ نیکیاں نامہ اعمال میں لکھی جاتی ہیں۔

حضرت ابوالعباس الحاجری رضی اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور اس دورد کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا یہ دس درود ہیں اور ہر درود میں دس نیکیاں ہیں اور نیکی دس نیکیوں کے برابر ہے۔

درود شریف نمبر 25: (درود زیارت رسول صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ مَلَأْتَ قَلْبَهٗ مِنْ جَلَالِكَ وَعَیْنَهٗ مِنْ جَمَالِكَ فَاَصْبَحَ فَرِحًا مَسْرُوْرًا مُؤَیَّدًا مَنْصُوْرًا وَّعَلٰی آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِكَ○

حضرت ابوعبداللہ ابن النعمان رحمۃ اللہ علیہ نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں ایک سو مرتبہ زیارت کی آخری مرتبہ پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کونسا درود

آپ پر پڑھنا سب سے افضل ہے آپ نے یہ درود سکھایا۔

درود شریف نمبر 26: (درود تُنْجِیْنَا)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِیْنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَهْوَالِ وَالْآفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ○

حضرت حسن بن علی اسوانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص اس درود شریف کو کسی حاجت میں یا کسی مصیبت کے وقت ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی مشکل آسان فرمادیگا اور وہ شخص اپنے مقصد کو پائیگا۔ حضرت شیخ موسیٰ الضریر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ایک مرتبہ سمندر کا سفر جہاز کے ذریعہ میں نے کیا سمندر میں ہوا کا طوفان اٹھا لوگ گھبراہٹ کی وجہ سے چیخنے لگے میں نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپ نے فرمایا جہاز والوں کو کہو یہ درود ایک ہزار مرتبہ پڑھیں چنانچہ ہم نے یہ درود شریف ابھی تین سو مرتبہ ہی پڑھا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری مشکل آسان فرمادی طوفان ختم ہوگیا۔

بعض مشائخ نے فرمایا جو شخص اس درود شریف کو کسی حاجت کیلئے پڑھے یا کسی مصیبت کیلئے ہزار مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت دور فرمادیگا۔ جو طاعون میں پڑھے اس سے امن میں آجائے گا۔ اور جو شخص غنی ہونے کیلئے یا کوئی مقصد پورا ہونے کیلئے پانچ سو مرتبہ پڑھے گا اس کا وہ مقصد پورا ہوجائیگا۔

حضرت شیخ الاکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس درود میں آل کا ذکر بھی کرنا چاہیے یعنی یہ درود یوں پڑھے۔ "**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً** ...الخ" حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ یہ درود عرش کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے جو شخص اس درود کو ایک ہزار مرتبہ رات کو پڑھے جس حاجت کیلئے بھی پڑھے گا وہ پوری ہوگی خواہ حاجت دنیا کی ہو یا آخرت کی۔

درود شریف نمبر 27: (درود نور القیامۃ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعُرُوْسِ مَمْلُكَتِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَطِرَازِ مُلْكِكَ وَخَزَائِنِ رَحْمَتِكَ وَطَرِيْقِ شَرِيْعَتِكَ الْمُتَلَذِّذِ بِتَوْحِيْدِكَ اِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ وَالسَّبَبِ فِيْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ عَيْنِ اَعْيَانِ خَلْقِكَ الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُوْرِ ضِيَائِكَ صَلٰوۃً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَتَبْقٰى بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ صَلٰوۃً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ ○

حضرت احمد الصاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس درود شریف کو ایک پتھر پر قلم قدرت کے ساتھ لکھا ہوا پایا اور اس درود شریف کا نام "**درود نور یوم القیامۃ**" کیونکہ اس درود شریف کے پڑھنے والے کو قیامت کے دن نور حاصل ہوگا۔

بعض بزرگان دین نے ارشاد فرمایا جو شخص اس درود شریف کو ایک مرتبہ پڑھے اس کو چودہ ہزار درود شریف پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

درود شریف نمبر 28: (درود امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا اَمَرْتَ بِالصَّلٰوۃِ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ اَنْ يُّصَلّٰی عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ كَمَا تَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَيْهِ ○

امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس درود شریف کو پڑھتے تھے۔ امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خواب میں دیکھا گیا اور پوچھا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ امام شافعی نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بخش دیا۔ پھر پوچھا گیا کہ کس وجہ سے اللہ تعالیٰ نے تجھے بخش دیا۔ فرمایا درود کے ان پانچ کلموں کی وجہ سے جو میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر پڑھتا تھا۔

درود شریف نمبر 29: (درود امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ)

صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ○

یہ درود امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی کتاب، کتاب الرسالۃ، میں ذکر فرمایا ہے۔

حضرت عبداللہ بن الحکم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے روایت ہے کہ میں نے امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ امام شافعی نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے میرے اوپر رحمت فرمائی اور مجھے بخش دیا اور

جنت کو آراستہ کر کے دلہن کی طرح میری طرف بھیج دیا۔ میں نے پوچھا کہ اس اعزاز کے لائق کس وجہ سے ہوا تو کہا گیا کتاب الرسالۃ میں اس درود شریف کو ذکر کرنے کی وجہ سے۔

حضرت ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور عرض کیا کہ امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو اپنی کتاب الرسالۃ میں آپ پر درود شریف ذکر فرمایا آپ کی طرف سے اس کو کیا جزا ملے گی۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کو حساب کیلئے نہیں روکا جائیگا۔

درود شریف نمبر 30: (درود ابی الحسن الکرخی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْءَ الدُّنْیَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَۃِ وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّآلِ مُحَمَّدٍ مِلْءَ الدُّنْیَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَۃِ وَاجْزِ مُحَمَّدًا وَاٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْءَ الدُّنْیَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَۃِ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ مِلْءَ الدُّنْیَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَۃِ٥

یہ درود حضرت ابوالحسن الکرخی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے وہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ درود پڑھتے تھے اور موصوف نے اس درود شریف کو بہت بڑے علمائے کرام سے نقل فرمایا ہے۔

درود شریف نمبر 31: (درود سیدنا عبدالقادر الجیلانی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُہٗ وَرَحْمَۃٌ لِّلْعَالَمِیْنَ ظُھُوْرُہٗ عَدَدَ مَنْ مَّضٰی مِنْ خَلْقِکَ وَمَنْ بَقِیَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْھُمْ وَمَنْ شَقِیَ صَلَاۃً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِیْطُ بِالْحَدِّ صَلَاۃً لَا غَایَۃَ لَھَا وَلَا مُنْتَھٰی وَلَا اِنْقِضَآءَ صَلَاۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِکَ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا مِثْلَ ذٰلِکَ٥

یہ درود حضرت سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ نے درود کے اختتام پر ذکر فرمایا۔ حضرت محی الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ جس کو یمن کا جنید سمجھا جاتا تھا فرماتے ہیں کہ جو شخص اس درود کو دس دن تک صبح و شام پڑھے گا وہ اللہ تعالیٰ کی رضائے اکبر کا مستحق ہو جائیگا اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے مامون و مصون ہوگا۔ اور وہ مسلسل اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور حفاظت میں رہے گا اور اس کے تمام کام آسان ہو جائیں گے۔

درود شریف نمبر 32:

(درود الشمس الکنز الاعظم للامام الغزالی وقیل لسیدنا عبدالقادر الجیلانی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ صَلَوَاتِکَ اَبَدًا ٥ وَاَنْمٰی بَرَکَاتِکَ سَرْمَدًا ٥ وَاَزْکٰی تَحِیَّاتِکَ فَضْلًا وَّعَدَدًا ٥ عَلٰی اَشْرَفِ الْخَلَائِقِ الْاِنْسَانِیَّۃِ ٥ وَمَجْمَعِ الْحَقَائِقِ الْاِیْمَانِیَّۃِ ٥ وَطُوْرِ التَّجَلِّیَاتِ الْاِحْسَانِیَّۃِ ٥ وَمَھْبَطِ الْاَسْرَارِ الرَّحْمَانِیَّۃِ ٥ وَاسِطَۃِ عِقْدِ النَّبِیِّیْنَ ٥ وَمُقَدَّمِ جَیْشِ الْمُرْسَلِیْنَ ٥ وَقَائِدِ رَکْبِ

الْاَنْبِيَآءِ الْمُكَرَّمِيْنَ ٥ وَاَفْضَلِ الْخَلَائِقِ اَجْمَعِيْنَ حَامِلِ لِوَآءِ الْعِزِّ الْاَعْلٰى ٥ وَمَالِكِ اَزِمَّةِ الْمَجْدِ الْاَسْنٰى ٥ شَاهِدِ اَسْرَارِ الْاَزَلِ ٥ وَمُشَاهِدِ اَنْوَارِ السَّوَابِقِ الْاُوَلِ ٥ وَتَرْجُمَانِ لِسَانِ الْقِدَمِ ٥ وَمَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِكَمِ ٥ مَظْهَرِ سِرِّ الْجُوْدِ الْجُزْئِيِّ وَالْكُلِّيِّ ٥ وَاِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ الْعُلْوِيِّ وَالسُّفْلِيِّ ٥ رُوْحِ جَسَدِ الْكَوْنَيْنِ ٥ وَعَيْنِ حَيَاةِ الدَّارَيْنِ ٥ اَلْمُتَحَقِّقِ بِاَعْلٰى رُتَبِ الْعُبُوْدِيَّةِ ٥ اَلْمُتَخَلِّقِ بِاَخْلَاقِ الْمَقَامَاتِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ ٥ اَلْخَلِيْلِ الْاَعْظَمِ ٥ وَالْحَبِيْبِ الْاَكْرَمِ ٥ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَعَلٰى سَائِرِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى آلِهِمْ وَصَحْبِهِمْ اَجْمَعِيْنَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذَّاكِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِمُ الْغَافِلُوْنَ ٥

یہ درود حضرت قطب عیدروس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے اس درود شریف کا نام "**شمس الکنز الاعظم**" جو اس درود شریف کو پڑھے اس کا دل شیطانی وسوسوں سے محفوظ ہو جائیگا۔ اور بعض علمائے کرام فرماتے ہیں یہ درود شریف حضرت قطب ربانی سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کا ہے جو عشاء کی نماز کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور تین تین مرتبہ **قل اعوذ برب الفلق** اور **قل اعوذ برب الناس** سورتیں پڑھے اور پھر اس درود شریف کو پڑھے اس کو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔

درود شریف نمبر 33: (درود سیدنا احمد الرفاعی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى نُوْرِكَ الْاَسْبَقِ وَصِرَاطِكَ الْمُحَقَّقِ الَّذِیْ اَبْرَزْتَهٗ رَحْمَةً شَامِلَةً لِوُجُوْدِكَ وَاَكْرَمْتَهٗ بِشُهُوْدِكَ وَاصْطَفَيْتَهٗ لِنُبُوَّتِكَ وَرِسَالَتِكَ وَاَرْسَلْتَهٗ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا نُقْطَةِ مَرْكَزِ الْبَآءِ الدَّائِرَةِ الْاَوَّلِيَّةِ وَسِرِّ اَسْرَارِ الْاَلِفِ الْقُطْبَانِيَّةِ الَّذِیْ فَتَقْتَ بِهٖ رَتْقَ الْوُجُوْدِ وَخَصَّصْتَهٗ بِاَشْرَافِ الْمَقَامَاتِ بِمَوَاهِبِ الْاِمْتِنَانِ وَالْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَاَقْسَمْتَ بِحَيَاتِهٖ فِیْ كِتَابِكَ الْمَشْهُوْدِ لِاَهْلِ الْكَشْفِ وَالشُّهُوْدِ فَهُوَ سِرُّكَ الْقَدِيْمُ السَّارِیْ وَمَاءُ جَوْهَرِ الْجَوْهَرِيَّةِ الْجَارِیْ الَّذِیْ اَحْيَيْتَ بِهِ الْمَوْجُوْدَاتِ مِنْ مَعْدَنٍ وَّحَيَوَانٍ وَّنَبَاتٍ قَلْبِ الْقُلُوْبِ وَرُوْحِ الْاَرْوَاحِ وَاَعْلَامِ الْكَلِمَاتِ الطَّيِّبَاتِ الْقَلَمِ الْاَعْلٰى وَالْعَرْشِ الْمُحِيْطِ رُوْحِ جَسَدِ الْكَوْنَيْنِ وَبَرْزَخِ الْبَحْرَيْنِ وَثَانِیَ اثْنَيْنِ وَفَخْرِ الْكَوْنَيْنِ اَبِی الْقَاسِمِ اَبِی الطَّيِّبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا بِقَدْرِ عَظَمَةِ ذَاتِكَ فِیْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ "سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ" عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ٥

یہ درود حضرت سید احمد الرفاعی رضی اللہ عنہ کے وظائف میں سے ہے جو شخص

اس کو ہمیشہ پڑھے اس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب سے اسرار و رموز و کمالات حاصل ہوتے ہیں۔

درود شریف نمبر 34: (درود سیدنا احمد البدوی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِيَّةِ وَلَمْعَةِ الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَاَفْضَلِ الْخَلِيْقَةِ الْاِنْسَانِيَّةِ وَاَشْرَفِ الصُّوْرَةِ الْجِسْمَانِيَّةِ وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِيَّةِ وَخَزَائِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِيَّةِ وَالْبَهْجَةِ السَّنِيَّةِ وَالرُّتْبَةِ الْعَلِيَّةِ مَنِ انْدَرَجَتِ النَّبِيُّوْنَ تَحْتَ لِوَآئِهٖ فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ وَاَحْيَيْتَ اِلٰى يَوْمِ تُبْعَثُ مَنْ اَفْنَيْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۝

یہ درود قطب الاقطاب سید احمد البدوی رضی اللہ عنہ کا ہے بہت عارفین و بزرگان دین نے اس درود شریف کے فضائل ذکر کئے ہیں کہ اس کے پڑھنے سے بہت انوار و اسرار پڑھنے والے کو حاصل ہوتے ہیں خواب میں اور بیداری میں جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کا قرب حاصل ہوتا ہے رزق میں فراخی حاصل ہوتی ہے۔ علوم و اسرار میں اضافہ ہوتا ہے۔ نفس، شیطان اور دشمنوں پر غلبہ نصیب ہوتا ہے۔ اس درود شریف کو تین مرتبہ پڑھنے سے پوری دلائل الخیرات کے ختم کا ثواب ملتا ہے۔

درود شریف نمبر 35: (درود سیدنا احمد البدوی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَتِرْيَاقِ الْاَغْيَارِ وَمِفْتَاحِ بَابِ الْيَسَارِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُخْتَارِ وَآلِهِ الْاَطْهَارِ وَاَصْحَابِهِ الْاَخْيَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰهِ وَاَفْضَالِهٖ۝

یہ درود بھی سید احمد البدوی رضی اللہ عنہ کا ہے۔ یہ درود قضائے حاجات اور حل مشکلات اور مصیبتوں کے دور کرنے کیلئے مجرب ہے۔ حصول انوار و اسرار کیلئے مجرب ہے۔

درود شریف نمبر 36: (درود سیدنا ابراہیم الدسوقی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الذَّاتِ الْمُحَمَّدِيَّةِ اللَّطِيْفَةِ الْاَحَدِيَّةِ شَمْسِ سَمَآءِ الْاَسْرَارِ وَمَظْهَرِ الْاَنْوَارِ وَمَرْكَزِ مَدَارِ الْجَلَالِ وَقُطْبِ فَلَكِ الْجَمَالِ ۝ اَللّٰهُمَّ بِسِرِّهٖ لَدَيْكَ وَبِسَيْرِهٖ اِلَيْكَ آمِنْ خَوْفِيْ وَاَقِلْ عَثْرَتِيْ وَاَذْهِبْ حُزْنِيْ وَحِرْصِيْ وَكُنْ لِيْ وَخُذْنِيْ اِلَيْكَ مِنِّيْ وَارْزُقْنِي الْفَنَآءَ عَنِّيْ وَلَا تَجْعَلْنِيْ مَفْتُوْنًا بِنَفْسِيْ مَحْجُوْبًا بِحِسِّيْ وَاكْشِفْ لِيْ عَنْ كُلِّ سِرٍّ مَكْتُوْمٍ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ۝

یہ درود شریف بحر الحقیقت والشریعت سید ابراہیم الدسوقی رضی اللہ عنہ کا ہے۔

درود شریف نمبر 37: (درود شیخ اکبر سیدنا محی الدین بن العربی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰھُمَّ اَفِضْ صِلَةَ صَلَوَاتِكَ وَسَلَامَةَ تَسْلِيمَاتِكَ عَلٰى
اَوَّلِ التَّعَيُّنَاتِ الْمُفَاضَةِ مِنَ الْعَمَآءِ الرَّبَّانِىِّ وَآخِرِ التَّنَزُّلَاتِ
الْمُضَافَةِ اِلَى النَّوْعِ الْاِنْسَانِىِّ الْمُهَاجِرِ مِنْ مَكَّةَ كَانَ اللّٰهُ
وَلَمْ يَكُنْ مَعَهُ شَیْءٌ ثَانٍ اِلٰى مَدِيْنَةَ وَهُوَ الْآنَ عَلٰى مَا عَلَيْهِ
